یعنی کس کے بارے میں جاری کریں گے detention of any person who has been concerned in any offence under this Act relating to security or defence of Pakistan. اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ کسی نہ کسی طرح سے connected ہے لیکن under the Anti-Terrorism Act ابھی وہ جرم نہیں ہوا ہے اور وہ صرف اس category میں ہوگا جو پاکستان کے دفاع اور اندرونی security کے حوالے سے connected ہے or public order relating to target killing, kidnapping for ransom, extortion or the maintenance of supplies or services. اب یہ generally سنگین جرائم کی categories ہیں جو اس شورش زدہ علاقے میں ہو رہے ہوتے ہیں۔ اس کے بارے میں اگر information آتی ہے تو وہ ہو سکتا ہے۔ اسے further qualify کیا گیا کہ against whom sufficient grounds exist of having been so connected for purpose of inquiry. پہلے جو قومی اسمبلی میں draft گیا تھا، اس میں reasonable suspicion تھا۔ وہاں بحث، مباحثے کے بعد یہ کہا گیا کہ suspicion ایک بڑی vague term ہے اور کسی کو صرف شک کی بنیاد پر نہ پکڑیں اور آپ نے reasons record کرنی ہیں اور ساتھ میں sufficient grounds exist کرتی ہوں کہ وہ اس میں concerned ہے۔

جناب! اب inquiry کرنی ہے اور حفاظتی تحویل میں رکھنا ہے اور یہ ایک lawful process ہے۔ لاپتا اور غائب نہیں کرنا ہے۔ کسی نے enforced disappearance میں نہیں جانا ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ جو جبری گمشدگیاں ہیں، ان کا حل نکالا جائے۔ یہاں ابھی ہمارے ایک جبری گمشدہ ہونے والے ایک بزرگ بھائی سینیٹر عرفان الحق صدیقی بیٹھے ہیں جنہیں وہ لے گئے، وہ ڈھونڈتے رہے اور صبح پتا چلا کہ انہیں کرایہ داری کے الزام میں اٹھایا گیا تھا۔ ایک اور بھی بیٹھے ہیں جو سینیٹر احد چیمہ ہیں۔ پہلے سمجھ ہی نہیں آیا کہ کیس کیا ہے۔ کوئی inquiry نہیں ہوئی اور اگر ہوئی تو اس میں انہیں شامل نہیں کیا گیا۔ سوال، جواب کوئی نہیں ہے۔ پہلے NAB کے قانون کے تحت انہیں اٹھالیا گیا اور بعد میں باقی کچھ کیا گیا۔ سوا تین سال جیل میں رکھا گیا۔ سینیٹر شیری رحمان بھی بیٹھی ہیں۔ وہ کہہ رہی ہیں کہ انہیں بھی دس دن رکھا گیا اور پھر release کر دیا گیا۔ یہ کہہ رہے ہیں

کہ اس کا misuse نہ ہو۔ Bill میں یہ چیزیں دی گئی ہیں۔ وہ پڑھ لیں۔ میں on the floor of the House یہ کہہ رہا ہوں کہ اتنی water tight provision نہیں تھی۔ یہ 2014 سے 2016 تک رائج الوقت تھا۔ اس نے judicial scrutiny کے tests pass کیے اور اسے strike down نہیں کیا گیا۔ اس میں یہ proviso ڈالا ہے کہ

Provided that detention of such person including detention for a further period after three months shall be subject to provisions of Article 10 of the Constitution.

جو Anti-Terrorism law ہے، اگر آپ اس کے دیگر provisions دیکھ لیں تو رونگھٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ ہمارے framers نے اتنا سخت قانون بنایا اس لیے کہ ملک دہشت گردی کی زد میں تھا اور crime زیادہ تھا۔ آج کیا ہو رہا ہے؟ بسوں سے اتار کر شناختی کارڈ دیکھ کر گولی مار دیتے ہیں کہ تو پنجابی ہے اور تجھے جینے کا کوئی حق نہیں ہے۔ یہ کہاں کا انصاف ہے؟ کون سا قانون اور کون سا آئین اس کی اجازت دیتا ہے؟ ہم کیوں ہاتھ جوڑ کر ان کے سامنے کھڑے ہیں۔ ہم کیوں action نہیں لیتے۔ State کیوں بے بس ہے۔ یہ آپ کا ہی فرض ہے اور یہ آپ نے ہی کرنا ہے۔ سیاست نہ کریں، ملک بچائیں۔ ملک ہوگا تو آپ بھی آئیں گے اور ہم بھی آئیں گے۔ سیاست ہوگی اور سب کچھ ہوگا لیکن پاکستان کو سب سے پہلے رکھیں۔ جو بات میں نے پہلے کی تھی، اس میں مزید یہ ڈالا گیا اور second proviso یہ ہے کہ Provided that where detention order has been issued by armed forces or civil armed forces under sub-section 1, the inquiry shall be conducted by the JIT comprising of a police officer not below the rank of Superintendent of Police, intelligence agencies اور دوسرے armed forces کے لوگ جنہوں نے allegations لگائے ہیں تاکہ وہ وہاں سارے ثبوت اکٹھے کر سکیں۔

Section 2A میں یہ ترمیم کی گئی کہ

The provisions of sub-section 1 and sub-section 2 shall remain enforced for a period of three years from commencement of Anti-Terrorism (Amendment) Act, 2025.

جناب! اس میں تین سال کی sunset clause ڈال دی گئی ہے اور یہ ختم ہو جائے گا۔ اللہ کرے ہم دہشت گردی کی اس عفریت سے جان چھڑا سکیں۔ میں دو منٹ اور لوں گا۔ وہ Article 10 of the Constitution original provision ہے جسے ہمیں 1973 کے آئین کے framers نے دی تھی۔ میرے بھائی سینیٹر علی ظفر اور سینیٹر کامران مرتضیٰ یہاں بیٹھے ہیں۔ یہ region and civilized countries کو دیکھ لیں۔ امریکہ سے لے کر برطانیہ اور یورپ سمیت بہت ساری Preventive detention jurisdictions میں ہے۔ ہمارے جو معروضی حالات ہیں، آپ ان میں تو اس سے بھی زیادہ سخت کر سکتے ہیں۔ بہت سارے ممالک ہیں جنہوں نے یہ retain کی ہوئی ہے اور کچھ ممالک ہیں جنہوں نے اسے چھوڑ دیا اور کسی اور رنگ میں لے آئے۔ Article 10, Clause 1 یہ کہتی ہے کہ جب بھی کوئی شخص گرفتار ہوگا، اسے اطلاع دی جائے گی and right to engage a counsel بھی دیا جائے گا یعنی اسے وکیل مقرر کرنے کا اختیار ہوگا۔ Clause 2 یہ کہتی ہے کہ آپ نے 24 گھنٹوں کے اندر اندر اسے nearest magistrate کے سامنے پیش کرنا ہے اور یہ بتانا ہے کہ اسے کس جرم میں اٹھایا گیا ہے۔ Article 10, Clause 3 of the Constitution بہت ضروری ہے جو یہ کہتی ہے کہ

Nothing in clauses (1) and (2) shall apply to any person who is arrested or detained under any law providing for preventive detention.

یعنی right to consult a counsel and right to be produced before a magistrate within 24 hours وہ ہیں جن کی اجازت آئین پاکستان نے دے رکھی ہے۔ آپ سب مجھ سے زیادہ informed ہیں لیکن میں ایوان کی اطلاع کے لیے یہ کہوں گا کہ جتنے بھی preventive detention laws ہیں جن میں Maintenance of Public Order بھی ہے، اس کی بھی یہی language

ہے۔ نظر بندی میں آپ بندے کو اٹھاتے ہیں،اسے حفاظتی تحویل میں لیتے ہیں اور reasonable time میں grounds of detention provide کی جاتی ہیں جو Article 10 کے تحت یہاں بھی provide کی جائیں گی۔ 15دن کے اندر، اندر آپ Review Board میں جاسکتے ہیں اور representation کرسکتے ہیں۔ اسے justiciable رکھا گیا ہے۔ Recording of reasons compulsory کیا گیا ہے کہ بتائیں گے کہ material کیا ہے، اور coupled with sufficient grounds آپ کیس بنا کر کسی کو detain کر رہے ہیں۔ کون کہتا ہے کہ جس کا جی چاہے گا، وہ کسی کو اٹھا لے گا۔ سینیٹر علی ظفر صاحب نے کہا کہ اگر یہ misuse ہو تو اس کا بھی اہتمام ہونا چاہیے۔ چونکہ یہ civil جو ہے MPO اور جو بن رہا ہے کے تحت Anti-Terrorism Act administration کے تحت ہے جس کے DC order صاحب نکالتے ہیں، اس کے misuse کی تو کوئی سزا نہیں ہے لیکن یہاں پر under section 27 of the Anti-Terrorism Act, 1997, ہے، وہ investigating officer یا اس افسر کو جو یہ provisions invoke کر رہا ہے، اگر وہ غلطی کرتا ہے تو اسے سزا کا حقدار ٹھہرایا جاتا ہے اور اس میں دو سال کی سزا ہے۔

جناب! ان حالات میں میں یہ عرض کروں گا کہ آئین پاکستان میں جو safeguards دیے گئے ہیں، جو Review Board کا mechanism ہے، جو appeal کا right ہے، ان سب کو سامنے رکھتے ہوئے اس provision کو draft کیا گیا۔ یہ پہلے 2014 سے 2016 تک نافذالعمل رہی ہے۔ اس کی judicial scrutiny ہوئی ہوئی ہے۔ اس میں مزید improvement کے لیے ہمارے پاکستان پیپلز پارٹی کے ساتھی سید نوید قمر نے قومی اسمبلی میں اس میں مزید ترامیم پیش کی تھیں اور ہم نے ان پر concede کر دیا تھا۔ Sir, it is single amendment اور معروضی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے میں آپ سے یہ درخواست کروں گا کہ اسے پیش کیا جائے اور پاس کیا جائے۔ جو دوست مزید بات کرنا چاہتے ہیں، میں ان کے سوالوں کے جواب کے لیے بھی available ہوں، شکریہ۔

Mr. Chairman: I want to hear Pakistan Peoples Party. Yes, Senator Sherry Rehman.

<u>Senator Sherry Rehman</u>

سینیٹر شیری رحمان: شکریہ، چیئر مین صاحب! میری Law Minister سے یہ گزارش تھی کہ انہوں نے تفصیل میں بات کی تو بہتر ہوتا کہ ہم دو، تین جب بات کر چکے ہوتے تو اس کے بعد آپ بات کرتے۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: مجھے چیئر مین صاحب کا حکم تھا۔

سینیٹر شیری رحمان: چلیں حکم بجا لانا ہے۔ چیئر مین صاحب! مختصراً یہ بات ہو رہی ہے۔ دیکھیے ہم وفاق کی علامت یہاں بن کر بیٹھے ہوئے ہیں اور یہ وفاق میں pass ہو رہا ہے۔ میں آپ کو on record کہوں گی کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے اس بل کی اتنی جانچ کی ہے، اتنی اس پر debate ہوئی ہے۔ میں اب صاف کہوں گی کہ ہماری پارٹی کی legislative committee ہے۔ ہم اپنے بہت سارے bills اس میں دیکھتے ہیں اور اس میں ہمارے lawyers ہیں۔ اس میں شہادت اعوان ہیں، ضمیر حسین گھمرو اور نائیک صاحب بھی ہیں اور ہمارے تین، چار MNAs بھی موجود ہیں۔ ہم نے اس کی بہت جانچ کی ہے کیونکہ اس طرح کا law جو بھی ہے اور جیسا بھی ہے، ضرورت وقت ضرور ہوگا لیکن اگر کسی کو بھی خدشہ ہے، کسی شہری کو خدشہ ہے اور ماحول ایسا ہے کہ شہری کو خدشہ ہے تو ہمیں اس بات کو دیکھنا چاہیے کہ ہم یہاں لوگوں کے حقوق کے ضامن ہیں، صرف اپنے نہیں اور ہم اپنی بات تو کر چکے ہیں لیکن ہم لوگوں کے حقوق کے بے شک ضامن ہیں۔ مجھے کل کسی نے وفاق کی بات کی کہ آپ لوگ وفاق کی علامت ہیں اور یہ کیا کر رہے ہیں۔ تو دیکھیے وفاق کی علامت جو تھا، وہ صدر پاکستان ہے۔ وہ 12 سال بغیر conviction کے جیل بیٹھ کر آئے۔ یہ سارے laws اپنی طرف، آپ نے بانی آئین کو تو تختہ دار پر چڑھا دیا۔ میرے لیڈر کو آپ نے چھلنی کر دیا اور دہشت گردی کے تختہ دار پہ چڑھا دیا۔ کس پر چڑھا دیا، کیا مطلب۔ دہشت گردی کا سامنا کر رہی تھیں نہتی وہ، ان کو آپ نے چھلنی کر دیا تو دہشت گردی کے خلاف پیپلز پارٹی اور اس کے ساتھ ایک رشتہ ہمارا ہے۔ اس کے ساتھ لڑنے کا رشتہ ہے اور آپ نے یہ انعقاد کیا تھا۔ میں اس law کی بات نہیں کر رہی۔ آپ نے ہی کیا تھا۔ آپ

نے بطور وزیر اعظم، دہشت گردی کے خلاف پوری جنگ کا ایک comprehensive انعقاد کیا تھا۔ First time Pakistan went into the ground war against terrorism to this day back again. We are fighting the largest ground war against terrorism in the world, probably other than one country. ہماری شہادتیں روز 400 سے زیادہ ہو رہی ہیں۔ کیا ہو گیا یہاں پر؟ اب اس قانون کو پھر بھی ہمیں examine کرنا چاہیے۔ اس لیے چیئرمین صاحب! ہم نے دیر کی اس میں، میں ذمہ داری لیتی ہوں۔ پیپلز پارٹی نے دیر کی۔ ہماری کمیٹی بیٹھی رہی، وزیر قانون پوچھتے رہے کہ کیا کر رہے ہیں۔ ہم نے کہا کہ اچھا جی ہم اسے دیکھ رہے ہیں۔ Preventive detention کوئی آسان چیز نہیں ہے۔ سب کا پہلا یہ کہنا ہوتا ہے کہ تم لوگ تو پہلے جاؤ گے اندر، پیپلز پارٹی پہلے جائے گی اندر۔ ہمیں اس کا پتا ہے۔ مطلب انڈے میں سے نکل کر یہاں صرف مراعات لینے نہیں آئے ہیں۔ ہم سب قربانیوں کے راستے، بھٹی سے گزر کے آئے ہیں۔ Missing person ہم سب ہو چکے ہیں۔ مشرف کے دور میں MPO (3) کے ذریعے آپ لاہور میں تھے، مجھے دس دن کے لیے اٹھا کر لے گئے تھے۔ نہ family کو پتا تھا، پیپلز پارٹی نے ڈھونڈ کر پھر نکالا۔ واہگہ بارڈر پر کہیں safe house میں رکھا ہوا تھا۔ ان باتوں کو چھوڑ دیں۔ اگر یہ میرے لیے صحیح نہیں ہے تو آپ کے لیے بھی صحیح نہیں ہے۔ کسی عام شہری کے لیے بھی صحیح نہیں ہے تو ہماری کوشش ہونی چاہیے کہ انصاف ہو اور آئین کے مطابق ہو، بوقت ضرورت ضرور ہو، یہ نہ ہو کہ آپ نے جعفر ایکسپریس میں کام کیا اور بندے نکل گئے اور prosecution week تھا اور پاکستان میں prosecution week ہوتا ہے۔

کل میں نے خواتین کی بات کی کہ ان کا کیا prosecution ہوتا ہے تو وزیر کو explain کرنا پڑا کہ 5% convictions ہو رہے ہیں۔ Because we have to make them stronger. Having said that Mr. Chairman. اس کا کم از کم ریکارڈ تو ہوگا، صحیح ریکارڈ تو ہوگا، آپ کہیں گے کہ شیری کہاں گئیں، ہم اسے ڈھونڈ رہے ہیں۔ دو خواتین کو لے لیں، وہ کہاں گئی ہیں؟ ہماری families ہوں، یہ تو ہوگا کہ آپ کو انتظامیہ سے پتا چلے گا کہ کہاں گئی، کہاں سے اٹھایا ہے، کدھر لے گئے اور کیوں لے گئے۔ وہ Appeal کر سکیں گے،

خدانخواستہ ایسا نہ ہواور اس قسم کی جنگوں میں ہوتا ہے۔ چیئرمین صاحب ! پاکستان کی تاریخ ہم سب دیکھ سکتے ہیں۔Victim party ابھی بھی یہیں کھڑی ہے۔آپ بھی پانچ سال جیل میں گئے تھے نا۔ میرا تو آپ سے تب ہی رشتہ جڑا تھا کہ آپ اٹک جیل میں بیٹھے رہتے تھے۔آپ نے کیا کیا تھا؟ چار پانچ نوکریاں دی تھیں۔ ہم سب ہر پل صراط سے گزر کر آئے ہیں۔ کوئی کندن بنا ہے تو بھٹی سے گزر کر بنا ہے۔سادی سی بات یہ ہے کہ یہ نہ ہو کہ ہمارے ساتھ اگر غلطی ہوئی یا ناانصافی ہوئی تو وہ کسی اور کے ساتھ بھی ہو۔.Sir, this is not what we are saying آپ کی میں شکل سے دیکھ رہی ہوں کہ آپ کو بھی تشویش ہے۔ میں غلط ہو سکتی ہوں۔۔۔

Mr. Chairman: I was detained for ninety days.

سینیٹر شیری رحمان: جی ہاں، آپ دہشت گردی کے خلاف ہیں۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر شیری رحمان: ہم سب دہشت گردی کے خلاف ہیں۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر شیری رحمان: ,Allow me to talk آپ بعد میں کر لیجیے گا۔آپ کے دوست مشرف تھے جن کے لیے referendum کروایا۔ ان کو اور مجھے اٹھایا تھا۔آپ کے ہی دوست تھے لیکن ہم وہ نہیں کرنا چاہتے۔ جس پر آپ نے اس لیے بہت آرام سے بات چیت کی تھی۔ نہ ہم وہ تقاریر کریں گے، اللہ معافی دے۔ اپنی بھی بندے کی ساکھ ہوتی ہے اور اپنی پارٹی کی ساکھ ہوتی ہے،جواب دہی ہوتی ہے۔ پیپلز پارٹی نے اس کی بہت جانچ کی۔آپ کو یاد ہوگا جب اے پی ایس کا اتنا بڑا سانحہ ہوا تھا، میاں نواز شریف کی حکومت تھی۔ ہمیں پشاور بھیجا گیا۔ زرداری صاحب نے کہا کہ آپ کچھ لوگ جائیں، پارٹی کے seniors جائیں جو terrorism کو دیکھتے ہیں، وغیرہ۔ میری تو زندگی national security کو دیکھتے دیکھتے گزر گئی۔ I know a lot about it. I mean میں آپ کو بہت ساری چیزیں بتا سکتی ہوں کہ کہاں preventive detention laws ہیں، اس سے بہت بدترین ہیں ,but would not recommend پھر بھی میں کہوں گی کہ یہاں پر recommend نہ کریں۔ When I was serving in

I would still not recommend ،اس سے بہت بدترین laws تھے America,
them. We are better than that. ہم اپنے آپ کو جوابدہ ہیں۔ ہمارے
parliaments جوابدہ ہیں۔آپ مجھے بتائیں کہ جب ہم کہہ رہے ہیں کہ دیکھیے آپ کا
صوبہ، مطلب، بھائی! Section 4 پر مہینوں debate ہوئی، meetings ہوتی رہیں،
جھگڑے ہوتے رہے لیکن Section 4 operative ہوگا، کب ہوگا۔ ابھی آپ کا صوبہ کرے
گا۔ آپ کا صوبہ آپ کے ہاتھ میں ہے، ماشاء اللہ۔ لیکن پھر بھی ہم یہ کہہ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! جب یہ law آیا تھا، اس میں until terrorism is
eliminated تھا، نیچے لکھا ہوا تھا، میں نے کہا نہیں، یہ sunset clause اس وقت بھی تھا،
میاں نواز شریف کے دور میں، یعنی کہ یہ automatically ختم ہوا، اس کو کسی اور نے ختم نہیں
کیا۔ خود اس میں built-in sunset clause تھا، وہ ہم نے build-in کیا، پیپلز پارٹی
نے build-in کیا۔ Definition پر ہزار جھگڑے ہوئے کہ دیکھیے terrorist کون ہے، کون
نہیں ہے۔ کل اگر کسی نے کھڑے ہو کر کہہ دیا جبکہ definition کہیں نہیں ہے، کہ آپ jet-
black terrorist ہیں تو بھائی! میں اور سارا لیاری jet-black terrorism میں اندر
ہوں گے۔ Sub-section 7 ہے۔ یہ تو کوئی بات ہی نہیں ہوتی نا۔ اس لیے definition
میں بھی بھتا خوری ہے تو کس طرح کی۔ یہ ساری باتیں یہ ہیں کہ ہمارے کسی ساتھ کا بھی کوئی سوال
نہ ہو، کوئی کسر نہ ہو اور ہم کم از کم missing persons تو نہ ہوں۔ چیئرمین صاحب! پتا تو چلے
گا کہ کس کو اٹھایا ہے۔ ایسی باتیں ہو رہی ہیں جیسے ان کے دور میں یا کسی دور میں کوئی اٹھا کر نہیں
لے جاتا اور بہت سارے قوانین ہیں جو ہم نے درست کرنے ہیں۔ دیکھیے، اس پر ہمیشہ
discussion ہو سکتی ہے but you have transparency in this clause.
You have review, you have transparency, نہیں، یہ ہماری کوتاہی ہے، یہ
بہت اہم قانون ہے،اسے قومی اسمبلی میں ہم نے ٹھیک سے نہیں سمجھایا۔ ہم نے اس
کے disclaimers نہیں ڈالے۔ ہم نے قومی اسمبلی میں ٹھیک نہیں سمجھایا، معذرت کے ساتھ
کہہ رہی ہوں۔۔۔

جناب چیئرمین: پارٹی لیڈر ہیں، largest party's leader ہیں۔جی۔

سینیٹر شیری رحمان: چیئرمین صاحب! وزیر قانون سے میری گزارش بھی ہوگی کہ civil societies کو سوال ہوں گے۔ اپوزیشن کو سوال ہیں، کچھ دوستوں کو سوال ہیں جو political prosecution سے گزر کر آئے ہیں۔اس میں یہ کرنا پڑے گا کہ by all means پریس کانفرنس میں لوگوں کو سمجھائیں کہ اس قانون کا اطلاق کہاں ہوگا، کیا کیا اس پر قدغن لگائی ہوئی ہیں،definition کیا ہوگا۔ کوئی دہشت گرد میں اور آپ نہیں ہو سکتے۔ میں اور آپ دہشت گردی کے زمرے میں نہیں آ سکتے۔ اگر مجھے اور آپ کو اٹھایا گیا یا ہمارے دوست جو وہاں بیٹھے ہوئے ہیں کہ انہوں نے رپورٹنگ غلط کر دی تو اس کے لیے بھی ہمیں کوشاں رہنا پڑے گا۔ یہ صحافیوں پر تو ویسے ہی اور laws کا اطلاق ہو رہا ہے۔.We have to worry about that اب State and anti-State میں جو لکیر ہوتی جا رہی ہے دہشت گردی کے دوران ،بڑی مشکل ہوتی ہے---

Mr. Chairman: Please wind up.

Senator Sherry Rehman: Sir, I am winding up. So, these are difficult times for Pakistan. No one is perfect. No law is perfect. You think we wanted to pass this law with equanimity. No.

مجھے چیئرمین بلاول نے تین مرتبہ کہا کہ شیری! پھر سے دیکھو، پھر سے دیکھو اور جو changes اب اس میں آئی ہیں، چیئرمین بلاول بھٹو کا شکریہ کہ وہ changes آئی ہیں۔ جتنی تحفظ اس میں ہم ڈال سکتے ہیں، ہم نے ڈالی ہیں۔

Nobody is celebrating this law but then nobody is celebrating terrorism my dear Sir. Thank you very much.

جناب چیئرمین: سینیٹر فیصل سبزواری صاحب۔

<u>Senator Syed Faisal Ali Subzwari</u>

سینیٹر سید فیصل علی سبزواری: بہت شکریہ، جناب چیئرمین! شیری رحمان صاحبہ نے بجا فرمایا ہے کہ کچھ بلکہ کافی زیادہ باتیں ایسی تھیں جو وزیر قانون یہاں پر بیان کر چکے ہیں۔ جو وضاحتیں

تھیں کہ آیا sunset clause ہے یا نہیں ہے اور terrorism کی کیا definition ہے اور باقی چیزیں۔ ساتھ ہی ساتھ Article 10 بھی آئین کا ہے، preventive detention میں ساری چیزیں انہوں نے بیان بھی کیں اور میں نے خود بھی پڑھا کہ پہلے سے موجود تھا۔

جناب! میری گزارش بھی وہی ہے جو ابھی شیری صاحبہ نے بھی یہاں پر فرمائی۔ ایک تو میں ان کی ذاتی طور پر بہت عزت کرتا ہوں، علی ظفر صاحب نے جو کہا وہ somehow. جناب! میں کسی بھی چیز کو Islamic touch نہیں دوں گا، مطلب اسلامی قوانین ہیں اور آئین کی روح ہے اور ہر چیز میں Islamic touch میرے خیال میں ہم ویسے ہی بہت radicalization کی طرف دوبارہ جا رہے ہیں۔۔۔

(مداخلت)

سینیٹر سید فیصل علی سبزواری: جی، جی، بالکل دیکھتے ہیں۔۔۔

جناب چیئرمین: قادری صاحب۔

سینیٹر سید فیصل علی سبزواری: اب یہ خطبہ، اگر مولانا صاحب۔

جناب چیئرمین: آپ جاری رکھیں۔

سینیٹر سید فیصل علی سبزواری: جی، جی، بالکل۔ یہ آئین پاکستان۔ یہ میں نے نہیں کہا، آپ کے لیڈر نے آپ کے لیڈر کو کہا, Islamic touch میں نے نہیں کہا Islamic touch. I am repeating that. میں کہہ رہا ہوں، I did not say that. آپ کے لیڈر کو کہا، انہوں نے پھر دیا, Islamic touch میں نے تو نہیں کہا۔ Don't do that to me, kindly Sir. میں facts کی بات کر رہا ہوں، ٹیلی ویژن پر موجود ہے جو میں نے بات کہی ہے۔ براہ مہربانی، میں احترام سے گفتگو کر رہا ہوں۔

جناب! بد قسمتی کے ساتھ یہ ہے جو پاکستان کی reality ہے۔ پاکستان کے آئین پاکستان میں پہلے بھی preventive custody تھا اس کے باوجود بھی دہشت گرد تو ایک طرف سیاسی

کارکن کو دہشت گرد کرکے بھی لاپتا کیا گیا، ہم نے 1992 میں face کیا، پھر 1997 میں anti-terrorism act بن گیا، ہمارے لوگوں کو اس پر سزا بھی ہوئی۔ آپ کسی بھی سیاسی کارکن کو بس جلی، گولی چلی انہوں نے کہا نہیں یہ فاروق ستار نے کیا تھا یا فلاں نے کیا تھا اور آپ نے اس کو جیل میں ڈال دیا ہم نے دیکھا ہے اور اس کے باوجود بھی لوگ لاپتا ہوئے۔ پھر 2014, it was necessary Army Public School کے بعد جو ہوا ہے۔ بدقسمتی کے ساتھ وہ ہماری ماضی کی past flawed policies ہماری کوتاہ اندیشی، کوتاہ نظری ہمارے compromises کے نتیجے میں ہم اس دہشت گردی کا شکار تھے اور اس کے باوجود بھی لوگ لاپتا ہوئے۔ میری تو خواہش یہ ہے کہ ریاست پاکستان حکومت پاکستان طے کریں یہ ترمیم دوبارہ آ رہی ہے، جتنے بھی ملک میں لاپتا لوگ ہیں میرے 100 سے زیادہ کارکنان MQM کے لاپتا ہیں۔ ان سمیت اور جو جو جہاں سیاسی کارکن اگر لاپتا ہے سب کو پیش کریں، اس پر کوئی مقدمہ ہے تو اس کو prosecution میں دیں، جیل میں ڈالنا ہے جیل میں ڈالیں لاپتہ کا سلسلہ ختم کریں، I wish اس amendment کے بعد یہ ہو۔

میں دیکھ رہا ہوں کہ خیبر پختونخوا کی پرسوں یا تین دن پہلے کی video آئی ہے، ٹی ٹی پی کے دہشت گرد they are roaming around پیچھے board پر لکھا ہوا ہے میرے خیال میں ڈی آئی خان یا ڈی جی خان کی طرف، Chief Minister KP کے ضلع کی طرف جا رہے ہیں، اس عفریت سے نمٹنے کے لیے تو بلوچستان میں کر رہے ہیں BLA کے بھارتی sponsored دہشت گرد اور مجید بریگیڈ سے نمٹنے کے لیے یقیناً آپ کو یہ ساری کی ساری سہولیات چاہیے لیکن براہ مہربانی کسی بھی سیاسی کارکن کو آج اپوزیشن کی جماعت کا ہو اس کی کسی بھی تعریف میں لا کے میری یہ درخواست ہوگی حکومت سے وفاقی حکومت کا تو کم پارٹ ہے صوبائی حکومتوں کا ہے۔ تمام صوبوں کے جو وزرائے اعلیٰ یا ان کی حکومتیں ہیں اس کو ensure کریں کہ اختلاف رائے کی بنیاد پر ایک اختلاف رائے یہ ہے کہ میں حکومت کی پالیسیز کا یا حکومتی اداروں کی پالیسیز کے خلاف ہوں اور اگر میں ساتھ ساتھ دہشت گرد کو گھر میں پناہ دے رہا ہوں تو پھر وہ صرف اختلاف رائے کی بنیاد پر نہیں ہے جو ہم نے کل میرے خیال میں دیکھا ہے کسی بلوچستان کے پروفیسر کا

جو وزیر اعلیٰ بلوچستان نے پریس کانفرنس کی ہے۔ باقی میرے تین ووٹ ہیں سینیٹ میں، وزیر قانون صاحب،

کہہ تو سکتا ہوں تمہیں مگر مجبور کر سکتا نہیں

اختیار اپنی جگہ ہے بے بسی اپنی جگہ

پاکستان زندہ باد۔

جناب چیئرمین: Parliamentary Leader of PML(N), the largest partyاس کے بعد میں آپ کے پاس آرہا ہوں۔

<u>Senator Irfan-ul-Haque Siddiqui</u>

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین۔۔

جناب چیئرمین: ادھر بھی کروار ہے ہیں، ہم نے شروع بھی اپوزیشن سے کیا ہے، دیکھیں وہ تو اتفاق ہے کہ وہ governmentمیں ہے but they are from different party,آپ جاری رکھیں۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: بہت شکریہ جناب چیئرمین! میں کچھ زیادہ وقت نہیں لے رہا کیونکہ علی ظفر صاحب نے اس پر بڑی تفصیل سے، بڑی جامع گفتگو کی ہے اور بڑی اچھی گفتگو کی ہے۔ اعظم نذیر تارڑ صاحب نے اپنی تفصیلات بیان کی ہیں لیکن شیری رحمان صاحبہ نے ایک بڑی اچھی بات کہی کہ جو ہمارا point of view ہے وہ ہم لوگوں کو somehow اچھی طرح communicate نہیں کر پاتے، میڈیا بیٹھا ہوا ہے، آج یہاں پر جتنی تفصیل کے ساتھ تارڑ صاحب نے briefing دی ہے، یہ briefing اگر باہر میڈیا کو دے دی جاتی، یہی ہم نے PECA میں کیا، اس سے misunderstanding زیادہ پیدا ہوتی ہے اور جو ایک بے ضرر سا Bill ہوتا ہے، ایک exercise ہوتی ہے یا جہاں اچھائی کی طرف ہم جا رہے ہوتے ہیں اس کی خوبیاں اور اس کے مثبت پہلو واضح نہیں ہو پاتے، یہ ہماری کمزوری ہے جس کو میں تسلیم کرتا ہوں۔

جہاں تک تعلق ہے اس Bill کا میں ذاتی طور پر کسی بھی شخص کو قید میں دیکھتے ہوئے، ہتھکڑی میں دیکھتے ہوئے، جیل کی طرف جاتے دیکھتے ہوئے، منہ پر کپڑا ڈالے دیکھتے ہوئے مجھے بہت اذیت ہوتی ہے۔ جب فواد چودھری صاحب کو پکڑا گیا اور ان کے منہ پر کپڑا ڈالا گیا تو میں نے اس ایوان میں کھڑے ہو کر کہا تھا کہ یہ کیا ہو رہا ہے، یہ کیوں ہو رہا ہے، میں آج بھی کہہ رہا ہوں اس ایوان میں بیٹھ کے کہہ رہا ہوں کہ جب میں شاہ محمود قریشی صاحب کو ہتھکڑی میں دیکھتا ہوں تو مجھے دکھ ہوتا ہے، مجھے افسوس ہوتا ہے۔ کوئی سیاسی ورکر، کوئی سیاسی سوچ رکھنے والا بلکہ کوئی انسانی جذبہ اور احساس رکھنے والا شخص ان چیزوں کی حمایت نہیں کر سکتا۔ میں یہ نہیں کہہ سکتا ہوں کہ مجھے انہوں نے ہتھکڑی ڈالی تھی تو ان سب کو ہتھکڑیاں لگنی چاہیے، بالکل میں نہیں کہتا ہوں بلکہ میں اس لیے کہتا ہوں کہ مجھے جو اذیت ہوئی تھی وہ ان کو نہ ہو ان میں سے کسی کو نہ ہو۔ جناب! جب میں اڈیالہ جیل میں اترا اور وہ ہتھکڑی اتنی مضبوطی سے لگی ہوئی تھی کہ جب اس نے کھولا تو میری کلائی پر سرخ نشان پڑ گیا، تو وہ سپاہی کہنے لگا جناب! کوئی نہیں تھوڑی دیر ملوگے تو یہ ختم ہو جائے گا، میں نے کہا کہ اللہ نہ کرے کہ ختم ہو اور میں قیامت کے دن جا کر اللہ کو دکھاؤں کہ میری کلائی پر یہ نشان کیوں پڑا ہے۔

ہم نہیں چاہتے کہ آپ کے ساتھ ایسا ہو لیکن ہم یہ بھی نہیں چاہتے کہ دہشت گرد دندناتے پھریں، ہم یہ بھی نہیں چاہتے کہ ہمارے معصوم لوگ ذبح ہوتے رہیں، کبھی ایک صوبے کے اندر کبھی دوسرے کے اندر، کبھی جعفر ایکسپریس ہو رہا ہے، کبھی کچھ ہو رہا ہے، یہ لوگ کون ہیں۔ میں نے کل APC بلائی ہوئی تھی اور وہاں پر بڑی اچھی گفتگو ہوئی، میں نے وہاں بھی کہا تھا کہ ان issues کی وجہ سے ہماری جو یک جہتی ہے، ہمارا جو federation ہے وہ weak ہوتی ہے، جب اس طرح کے issues کو دہشت گردی کہیں ہو رہی ہوتی ہے، اس کی ذمہ دار یا تو فوج ٹھہرا دی جاتی ہے یا وفاقی حکومت ٹھہرا دی جاتی ہے یا کوئی agency ٹھہرا دی جاتی ہے۔ Misgivings ہوتی ہیں، بدگمانیاں ہوتی ہیں تو اس قانون کے اندر میں نہیں کہتا ہوں کہ یہ بہت اچھا کوئی قانون ہوگا یا اس کے اندر ساری جمہوری spirits سمو دی گئی ہیں۔ لیکن میں یہ بھی دیکھ رہا ہوں کہ ہم کس ماحول میں رہ رہے ہیں، قوانین ہمیشہ ماحول سے جنم لیتے ہیں، فضا سے جنم لیتے ہیں۔ چوری جس ملک میں نہیں ہوتی ہے وہاں چوری کے جرم کی کوئی سزا ہی نہیں ہوتی، قانون ہی نہیں ہوتا، انہیں پتا ہی نہیں ہوتا کہ چوری کیا ہے۔ ہمیں پتا ہے کہ دہشت گردی کیا ہے، ہمارے اسّی نوّے ہزار لوگ ایک

لاکھ کے قریب لوگ اس کی بھینٹ چڑھ چکے، ہر روز چڑھتے ہیں۔ یا تو ہم ان کے سامنے ہتھیار ڈال دیں یا پھر یہ ہے کہ جب دہشت گردی ہو جائے اس کے بعد ہم ٹامک ٹوئیاں ماریں کہ یہ اس خود کش نے کر دیا، یہ فلاں نے کر دیا۔ یہ pre-emptive قسم کی ایک کوشش ہو گی کہ ہم کسی جرم کی روک تھام کے لیے اس قانون کو استعمال کریں، کم از کم یہ نہیں ہو گا کہ کسی کو پکڑا جائے تو اس کو یہ بھی پتا نہ ہو کہ اس کا جرم کیا ہے اور وہ کہاں لے کے جایا جا رہا ہے۔

میرا لطیفہ جناب چیئرمین! یہ بھی ہوا تھا کہ مجھے جب پکڑ کر حوالات میں لے گئے تو میں نے پولیس والوں سے پوچھا یار میں کس جرم میں آیا ہوں، انہوں نے کہا جی وہ صبح FIR پڑھائیں گے تو پھر دساں گے۔ یہ نہیں ہو گا نا اب کم از کم یہ تو نہیں ہو گا، میں مارشل لاء کی بات نہیں کر رہا ہوں میں علی ظفر کی حکومت کی بات کر رہا ہوں، یہ چیزیں نہیں ہونی چاہیے اور اگر ہوں گی تو میں ان شاء اللہ کھڑے ہو کر میں نے صحافیوں کو بھی کہا تھا کہ اگر ان میں سے کوئی PECA کی زد میں آئے گا تو میں احتجاج کروں گا۔ اسی طرح اگر اس قانون کو misuse کیا جائے، قانون کوئی بھی misuse ہو سکتا ہے، کوئی بھی آنے والی حکومت کر سکتی ہے اور اگر ہماری طرف سے ہوتا ہے تو بھی میں احتجاج کے لیے کھڑا ہوں گا لیکن یہ بھی ہو سکتا ہے کہ قانون سازی کی راہ میں اس لیے روڑے اٹکائے جائیں کہ یہ حکومت کی طرف سے ایک Bill آگیا ہے اور اس کا سارا وزن دہشت گردی کے پلڑے میں پڑ جائے گا، یہ نہیں چاہتے لیکن وہ ان کے پلڑے میں پڑ جائے گا۔

جب اس قانون کا آپ راستہ روکیں گے تو آپ دہشت گردوں کے راستے کے کانٹے صاف کریں گے، اس لیے میں کہتا ہوں کہ ایسی قانون سازی میں تعاون کریں اس میں کوئی سیاست بازی نہیں ہے یہ ملک ایک آگ میں جل رہا ہے، ایک ایسا آتش فشاں پھٹا ہوا ہے جناب! اس آتش فشاں پر میرے دوست فیصل کے مطابق چاہے مجبوری سے کریں چاہے خواہش سے کریں یا آرزو سے کریں ہمیں اس دہشت گردی کے طوفان کا راستہ روکنا ہے قانون سازی کے ذریعے روکنا ہے، قانون ہو گا تو ان شاء اللہ ہم جو جبری گمشدگیاں ہوتی ہیں، لوگ لاپتا ہو جاتے ہیں اس کا راستہ بھی روکیں گے۔ تو میں گزارش کرتا ہوں کہ اس کو اسی spirit سے لیا جائے اور اس کو یہ نہ سمجھا جائے کہ کوئی اپوزیشن کا راستہ روکنے کے لیے یا ان پر کوئی جبر کرنے کے لیے تھا۔ بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین:.Parliamentary Leader of BAP party

Senator Manzoor Ahmed

سینیٹر منظور احمد: شکریہ جناب چیئرمین! لاء منسٹر صاحب نے، عرفان صاحب نے، سبزواری صاحب نے اور شیری رحمان صاحبہ نے، علی ظفر صاحب نے anti-terrorist act Bill پر بڑی تفصیلاً بحث کی لیکن ایک بات یہاں رکھوں گا کہ دہشت گردی نہ Opposition کو دیکھتی ہے اور نہ ہی treasury benches کو دیکھتی ہے۔ دہشت گردی نہ بچے کو دیکھتی ہے، نہ بڑوں کو، نہ بوڑھے کو اور نہ ہی عورت کو دیکھتی ہے۔ دہشت گردی دہشت گردی ہے جس کا نہ کوئی دین، نہ ایمان اور کچھ بھی نہیں ہے۔ جس کے ساتھ ہمیں یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ جب ایک legislation یا قانون سازی آتی ہے، آج جو اُوپر میرا ,future میرا مستقبل بیٹھا ہوا ہے، اچھی بات ہے کہ وہ یہ کارروائی دیکھ بھی رہے ہیں، ہم نے اُن کے حوالے سے بھی سوچنا ہوگا۔ اُن کو ایک اچھا future بھی دینا ہوگا۔ آخر پاکستان کب تک اس دہشت گردی کی لپیٹ میں رہے گا۔

جناب چیئرمین! دنیا بہت آگے نکل چکی ہے اور ہمارا ملک ابھی تک اس چیز سے نکل نہیں سکا ہے تو ہم آگے کا کیا سوچیں گے، ہم تعلیم پر کیا بات کریں گے، ہم صحت پر کیا بات کریں گے، ہم education پر کیا بات کریں گے اور ہم اپنی عوام کو ایک اچھا future کیسے دے سکیں گے۔ لیکن جناب چیئرمین! اب وہ وقت آچکا ہے کہ ہمیں مل کر اس دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہوگا۔

میں بلوچستان کا حوالہ دوں گا کہ جب وہاں پولیس ٹریننگ انسٹی ٹیوشن کے اندر دہشت گرد گھسے تھے تو وہاں پر ٹریننگ کرنے والے ہمارے کتنے ہی پولیس افسران کو شہید کیا گیا۔ اُس کے بعد پولیس لائن کا واقعہ تھا جس میں SSP rank کے افسران بھی شہداء میں شامل تھے۔ اسی طرح میں آٹھ اگست کو وکیلوں والے واقعے کا اگر ذکر کروں تو ان میں یہ تمام لوگ دہشت گردی کی بھینٹ چڑھے ہیں۔ جناب چیئرمین! اگر اسی طرح ہم چلتے رہے، یہ تو ہمیں پہلے کرنا چاہیے تھا۔ ہم نے ان کو اتنی کھلی چھوٹ دی تھی کہ آج وہ اتنے دلیر نہ ہوتے۔ ہمارے بلوچستان میں کل کے عثمان قاضی والے واقعے پر بھی میں نے بات کی تھی تو جناب چیئرمین! اگر ہم آج بھی اس کو روک نہیں پائیں گے تو ہم اپنے لوگوں کو اچھا future نہیں دے سکتے اور نہ ہی پاکستان آگے کی طرف بڑھ سکتا ہے۔

آج اگر ہم Quaid-i-Azam residency کی بات کریں تو یہاں پر جتنی بھی پارٹیاں بیٹھی ہیں، اُن سب کے لیڈران پر حملہ ہو چکا ہے۔ میرا خیال ہے کہ مولانا فضل الرحمان پر دو، تین یا چار مرتبہ حملہ ہو چکا ہے، بس اللہ نے انہیں بچانا تھا اور اللہ نے انہیں زندگی دینی تھی۔ اسی طرح سراج رئیسانی جو پہلے ہمارے ساتھ اُس کا بیٹا تھا، جو دو سو لوگ ایک ہی دن میں شہید ہوتے ہیں جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین! بڑی مشکل سے ماں باپ اپنے بچوں کی پرورش کرتے ہیں۔ بڑی مشکل سے انہیں تعلیم دیتے ہیں لیکن ایک دہشت گرد آکر، ایک bullet مار کر وہ چلا جاتا ہے تو کیا اُس گھر کا جو ایک future تھا، وہ تو تباہ ہو گا جناب چیئرمین لیکن اگر ہم آج سب مل کر بیٹھیں، ہاں اس میں اگر تھوڑی بہت خامیاں ہیں تو ہمیں اُس کو دور کرنا چاہیے۔ علی ظفر صاحب نے جو بات کی کہ کیا اگر ایک بندہ ایسے ہی تین مہینے کے لیے اندر چلا جائے اور اگر اُس کے خلاف کوئی بھی ثبوت نہ ملے تو جب وہ بَری ہوتا ہے تو اس کے خلاف کیا ہونا چاہیے۔ اس پر بھی ہمیں غور کرنا چاہیے اور یہ چیز بھی ہمیں دیکھنی چاہیے کہ پھر یہ قانون misuse نہ ہو لیکن آج جو دہشت گردی کے حوالے سے یہ Bill آیا ہے تو جناب چیئرمین! بلوچستان عوامی پارٹی کی طرف سے ہم اسے support کرتے ہیں کیونکہ میں یہ پھر کہوں گا کہ دہشت گرد کسی کا بھی نہیں ہے۔ جناب چیئرمین! جعفر ایکسپریس اور دیگر بہت سے واقعات ہمارے سامنے ہیں لیکن وقت کی کمی ہے۔

میں یہ کہوں گا آج جو یہ Bill آیا ہے اور اس پر جو علی ظفر صاحب نے بات کی ہے اُس کو بھی دیکھنا چاہیے لیکن آج ہم مل کر اپنے بچوں کو، چاہے وہ جس بھی مذہب سے یا جس بھی زبان سے ہوں، اُن کے لیے ہم ایک اچھا اقدام اُٹھانے جا رہے ہیں اور اس پر عمل ہونا چاہیے تاکہ ہم دہشت گردی سے نکل سکیں اور ایک اچھے پاکستان کی طرف بڑھ سکیں۔ بہت شکریہ جناب چیئرمین۔

جناب چیئرمین: یہ سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب کی amendment آئی ہوئی ہے۔ جب amendment ہو جائے گی تو پھر میں آپ کو floor دوں گا۔ قادری صاحب! کو floor دیں۔

Senator Noor Ul Haq Qadri

سینیٹر نور الحق قادری: شکریہ چیئرمین صاحب۔ یہ جو انسداد دہشت گردی کے قوانین کے حوالے سے amendment ہے، محترم Law Minister *Sahib* آپ کا drafting and crafting میں بہت کمال ہے اور جس طرح آپ بولتے ہیں اور اپنی گفتگو کی سحر انگیزی میں کسی کو پتا بھی نہیں لگنے دیتے کہ اس قوم کے ساتھ یہ کیا ہونے جارہا ہے۔ میں گزارش کروں گا کہ ہم میں سے اگر کوئی مخالفت کرتا ہے تو یہ تصور نہ کیا جائے کہ ہم دہشت گردی کی حمایت کرتے ہیں۔ ہم دہشت گردی کے متاثرین میں سے ہیں اور دہشت گردی کے شدید مخالفین میں سے ہیں لیکن جو مجوزہ ترمیم ہے اس میں ہم یہ ضرور دیکھیں گے کہ اس ترمیم کے ساتھ دہشت گردی نے مزید بڑھنا ہے یا رکنا ہے۔ کیا ہم اس Bill اور اس amendment کے ذریعے سے اُن نفرتوں کی خلیج کو جو security forces کے خلاف آئے روز نعرے اور slogans ہم سنتے ہیں، کیا ہم اُن نفرتوں کی خلیج کو مزید وسعت نہیں دے رہے۔

محترم چیئرمین صاحب! میں گزارش کروں گا کہ یہ amendment شریعت اور دین جن شخصی آزادیوں کا حوالہ دیتا ہے اور میرا رب وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيٓ اٰدَمَ، حضرتِ انسان کی تکریم کی بات کرتا ہے۔ یہ قانون اُس تکریم کی نفی کرتا ہے۔ حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا کہ آپ کے مالوں کا، آپ کی جانوں کا اور آپ کی عزت و آبرو کا اتنا تحفظ، مقام اور حرمت ہے، وہ ﷺ مکہ کے شہر میں کھڑے تھے اور حج کا دن تھا، تو فرمانے لگے کہ جس طرح اس دن کی اور اس شہر کی حرمت ہے۔ اس کو اسلامی نقطۂ نظر سے دیکھنا ضروری ہے اور میں propose کروں گا کہ اس پر اسلامی نظریاتی کونسل سے رائے اور opinion لیا جائے۔

میں اعادہ کروں گا کہ اُس دن قومی اسمبلی میں مولانا فضل الرحمان صاحب نے کہا تھا کہ یہ Bill بتارہا ہے کہ پاکستانی مجرم پیدا ہو گیا ہے۔ وہ پیدائشی مجرم ہے اور اُس کو اپنی innocence اور بے گناہی ثابت کرنے کے لیے بتانا ہوگا۔ تین مہینے آپ کو custody میں لے رہے ہیں اور آپ مزید تین مہینوں کی extension کی بات کر رہے ہیں۔ یہ جو آج اسلام آباد میں ہمارے بلوچ بہن اور بھائی بیٹھے ہیں، جو فاٹا کے، KP کے، بلوچستان کے ہزاروں لوگ عقوبت خانوں میں پڑے ہیں اور

اُن کا کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ ممکن ہے کہ پارلیمان تک اُن کی آواز نہیں پہنچتی ہو گی، ممکن ہے کہ media کی وہاں تک رسائی نہیں ہو گی، ممکن ہے کہ courts کی رسائی وہاں تک نہیں ہو گی لیکن میرا رب تو اُن کی آوازوں کو سنتا ہے۔ اُس ملک میں خیر کہاں سے آئے گا اور برکت کدھر سے آئے گی۔ وزیر قانون صاحب نے کچھ victims کی طرف اشارہ کیا کہ فلاں فلاں، ہم کہتے ہیں کہ جس نے بھی کیا ہے، جس دور میں بھی ہوا ہے، بُرا ہوا ہے۔ اب اس برائی کی ازالے کے لیے ہم دوبارہ نئے ہزاروں لاکھوں اس طرح کے victims جن کو اُٹھایا جائے گا۔ میں آپ کی نیت پر شک نہیں کرتا لیکن جب اس کا استعمال security ادارے کے نچلے level، ایس ایچ او کے level پر ہو گا وہ ایک بربریت اور ایک جبر اور ظلم ہو گا۔

میں گزارش کروں گا کہ ضرورت ہے اس Bill کے نوک پلک سنوارنے کے لیے اس کو ایک بہترین صورت میں لانے کے لیے اس عجلت کا اور اس جلد بازی کا مظاہرہ ہم اِدھر نہ کریں جس طرح قومی اسمبلی میں کیا گیا ہے۔ اس کو standing committee کے حوالے کریں اور اسلامی نظریاتی کونسل سے اس پر opinion لیا جائے، مہربانی۔

Mr. Chairman: Leader of the Opposition! we have heard the point of view of all the parties.

آپ کی amendment ہے اس پر بول لیں گے۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں تو یہ کہہ رہا ہوں کہ کامران صاحب کی amendments ہیں انہیں floor دیں گے۔ ابھی یہ put Bill کر لیں نا۔ Bill put کریں اپنی amendment پر بولیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دیکھیں آپ کی amendments ہیں اس پر بولیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ کو دیں گے۔آپ ہی کو amendment کے اوپر دے دیں گے۔ دو منٹ بات کریں۔

(مداخلت)

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: Bill place تو کر لینے دیں اس کے بعد بول لیں۔ابھی تو Bill place نہیں ہوا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دو منٹ بات کر لیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب آپ بولیں۔

سینیٹر کامران مرتضٰی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Your party has spoken. Your party has given their names.

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: جناب چیئرمین! پارٹی کے علاوہ as individual نہیں بول سکتے؟

جناب چیئرمین: بول سکتے ہیں مگر پارٹی کے point of view میں پورا ایوان نہیں ہے۔

سینیٹر محمد ہمایوں مہمند: ہو سکتا ہے میرا پارٹی سے الگ موقف ہو پھر۔

جناب چیئرمین: بولیں جی، آپ سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب۔

Senator Kamran Murtaza

سینیٹر کامران مرتضٰی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! صدیقی صاحب جب بات کر رہے تھے تو انہوں نے کہا مجھے ہتھکڑی لگی اور ہتھکڑی جب کھولی گئی تو اس کا ایک سُرخ نشان تھا۔ مجھے پولیس والے نے کہا کہ ابھی یہ تھوڑی دیر بعد مٹ جائے گا۔آپ کا وہ نشان مٹ گیا۔ بلوچستان والوں کا

یہ نشان ابھی تک باقی ہے اور یہ ابھی تک جب سے پاکستان بنا ہے یہ نشان باقی ہے۔ ہمارا یہ نشان نہیں مٹا۔ ہم چھاچھ کے جلے ہوئے ہیں، دودھ بھی جو ہے وہ ہم کو پھونک کے پینا پڑتا ہے۔ ہمارا مسئلہ یہ ہے۔

جناب والا! ایسا ہے کہ بظاہر اس وقت جو اس amendment کو oppose کرے گا ایک تو amendment میں amendments ہماری ہیں مگر جو treasury کی amendments ہیں بظاہر یہ لگے گا کہ جو ان amendments کو oppose کر رہا ہے جو treasury کی amendment کو propose کر رہا ہے وہ شاید کوئی دہشت گردی کی حمایت کر رہا ہے۔ خدانخواستہ ایسا نہیں ہے۔ ہم میں سے کوئی بھی دہشت گرد نہیں۔

جناب چیئرمین: ابھی آپ نے amendments سنی نہیں ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جی، جناب!

جناب چیئرمین: ابھی amendment آپ نے سنی نہیں ہیں۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: چونکہ میرے پاس آ گئی ہیں میں اس کو آپ کے سامنے پڑھوں گا بھی اور آپ ایک منٹ مجھے دیجیے بلکہ اتنا time دیجیے جتنا آپ نے پارٹیوں کو دیا ہے۔ سب پارٹیوں کو دیا ہے۔ بلکہ ایک ایک پارٹی کے اندر دو دو لوگوں کو بھی دیا ہے۔

جناب چیئرمین: آپ کی پارٹی کو بھی دو دیے ہیں۔ پیپلز پارٹی کو۔

(مداخلت)

سینیٹر کامران مرتضیٰ: پی ٹی آئی کو دو بار دیا ہے۔ مسلم لیگ (نون) کو دو بار دیا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: وزیر قانون صاحب۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: آپ وزیر ہیں مجھے بات کر لینے دیجئے۔ بات چونکہ دہشت گردی کے حوالے سے شروع ہوئی ہے تو میں نے تھوڑا سا mobile پر search کیا کہ یہ دہشت گردی کے

حوالے سے قوانین جو آنا شروع ہوئے ہیں یہ کب سے آنا شروع ہوئے ہیں۔ مجھے تو دو دو نظر آ گئے ہیں ایک Suppression of Terrorist Activities Special Court Act 1975 ہوا کرتا تھا پھر اس کے بعد Suppression of Terrorism Act 1978 آیا اور اس کے بعد 1997 کا قانون آیا جس میں یہ amendment propose کی گئی۔

جناب والا! میں کہنا یہ چاہ رہا تھا کہ یہ جو قوانین دہشت گردی کے حوالے سے ہمارے ملک، وطن عزیز میں آئے، تو یہ درد جو ہے وہ بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ جوں جوں انہوں نے دہشت گردی کے حوالے سے قوانین بنانے شروع کیے، اس کے ساتھ ساتھ یہ معاملات بڑھتے گئے ہیں، کم نہیں ہوئے۔ تو جب کوئی چیز کم نہیں ہوتی تو اس کا وہ جو علاج آپ نے سوچا ہوا ہے، وہ یقیناً درست نہیں ہے۔ اس علاج کو درست کرنا چاہیے، نہ کہ مزید اس کو سخت کرنا چاہیے۔ یہ جو amendment propose کر رہے ہیں اور جس کو committee میں لے جانے پر ایک طرف تو میرے دوست میرے بھائی تارڑ صاحب علی ظفر صاحب ہم سب کی تعریف کرتے ہیں کہ committee میں بڑے اچھے وکیل ہیں۔ مگر اس کے بعد اگر ایک دن، دو دن، تین دن کے لیے یہ معاملہ committee میں چلا جاتا اور اس کی نوک پلک درست ہو جاتی تو کوئی قیامت نہیں آنی تھی۔ قیامت شاید اُس دن آئے گی یا اُس وقت آئے گی جب یہ 90 دن کی بات آئے گی اور اس میں سے ایک شخص بھی ایسا ہوگا جس کو آپ نے 90 دن اس قانون کے نیچے detain کیا ہوگا اور وہ 90 دن کے بعد پتا چلے گا کہ اس کو غلط detain کیا تھا۔

آپ section 27 کا دس مرتبہ حوالہ دیجئے مگر کیا باقی 182، 211 میں کبھی کسی کے خلاف کارروائی ہوئی ہے؟ کوئی اگر آپ کو آج تک یاد ہے کہ section 27 کو کبھی آج تک invoke کیا گیا ہے؟ کم از کم مجھے اپنی 40 سالہ practice میں یہ یاد نہیں ہے کہ 182، 211 میں کسی کے خلاف کارروائی ہوئی ہو یا 1997 کے بعد section 27 کبھی invoke ہوئی ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ جب یہ amendment introduce کی گئی ہے اس میں ایک دو چیزیں بالکل سمجھ میں نہیں آ رہی ہیں۔ پہلے 90 دن کی بات کی گئی ہے مگر اس کی جب proviso دیکھیں گے، تو proviso میں ہے۔

Provided that detention of such person including detention یہ detention of a further period of three months of further period of three months کیا ہے جناب؟ یعنی 90 days تو ہو گئے تو اس کے بعد further period کتنا ہے؟ یہ کس طرح کی ایک weak قسم کی قانون سازی کی گئی ہے۔ یہ کس طرح سے ہوگا کہ further period کہاں سے آئے گا اور یہ کس طرح سے آئے گا۔ Shall be subject to provision of Article 10 of the Constitution اب Article 10 of the Constitution کو دیکھیں گے۔

جناب والا! یہ misguide کرنے کے لیے Article 10 یہاں پر استعمال کیا گیا ہے۔ Article 10 کا پہلا حصہ دیکھیں (1) Article 10 دیکھیں (2) Article 10 دیکھیں تو اس میں تو بہت ساری چیزوں کی guarantee ہے۔ مگر جہاں پر preventive detention آ جائے گی، وہاں پر تو (3) Article 10 sub-section آ جائے گا۔ تو یعنی یہ سب کچھ جو سہولتیں مجھے (1) Article 10 میں میسر تھیں (2) Article 10 میں میسر تھیں، وہ یہاں سے ختم ہو جائیں گی۔ تو پھر Article 10 کو یہاں پر رکھنے کی یہ کون سی ضرورت ہوگی۔ یہ کس لیے یہاں پر رکھی جائے گی۔

جناب والا! دو چیزیں اس میں بہت ضروری ہیں۔ preventive میں جانتا ہوں کہ preventive detention میں وکیل کی سہولت بھی نہیں ہوتی شاید اور باقی بہت ساری سہولیات سے وہ محروم ہو جاتا ہے۔ مگر یہ بھی ہم سب جانتے ہیں کہ یہ preventive detention میں اس سے پہلے بھی قوانین موجود ہیں اور اس سے پہلے جو قوانین موجود ہیں اس میں شاید اس سے زیادہ واسطہ ہے اور اس میں زیادہ آسانی کے ساتھ detain کر پاتے ہیں۔ مگر جب ایک detention کی ایک سہولت ان کے پاس میسر تھی اس کے باوجود یہاں پر یہ section 11 EEEE جو ہے وہ introduce کروانے کی ضرورت سمجھ میں نہیں آتی۔

جناب والا! ہمیں کہا جاتا ہے کہ آپ کے جو لوگ missing ہیں وہ اس کے بعد missing نہیں ہوں گے۔ مگر یہ بات ہماری سمجھ میں نہیں آتی۔ یہ کون سا جواز ہے کہ آپ نے missing persons کو جو لوگ missing تھے اس کے لیے کیا یہ جواز ہے کہ اس کے بعد

آئندہ missing نہیں ہوں گے اور اس کے نیچے آ جایا کریں گے۔ ایک غلط کام کو غلط طریقے کے ساتھ تحفظ فراہم کرنا کیا یہ غلط نہیں ہوگا؟ دوسری بات یہ ہے کہ ماضی سے اس کا اطلاق کیسے ہوگا؟ یہ بات بھی کسی کی سمجھ میں نہیں آتی کہ جو ماضی کے لوگ missing ہیں جو پندرہ پندرہ سالوں سے missing ہیں، ان کا معاملہ کس طرح سے یہاں پر حل ہوگا۔ یہ جو قانون سازی کی جا رہی ہے وہ درست نہیں ہے۔ یہ Article 9 کی خلاف ورزی ہے، میں فیصل صاحب کا ذکر کروں گا، وہ شاید چلے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ ہم بے بسی کے تحت ووٹ کر رہے ہیں، میں ان کی بات کو جو سمجھا ہوں تو وہ یہ کہہ رہے تھے کہ وہ بے بسی کے تحت ووٹ کر رہے ہیں مگر ہمیں بھی پتا ہے کہ اس کا نتیجہ کیا نکلے گا لیکن تاریخ میں ہم درست سمت میں کھڑے ہونا چاہتے ہیں نہ کہ غلط سمت میں کیونکہ کل کو ہمیں کوئی یہ نہیں کہہ سکے گا ہم نے اسے ووٹ کیا تھا۔

جناب چیئرمین! میں ایک اور بات کی وضاحت کر دوں کہ ایک بات ہوئی تھی کہ مولانا صاحب کے گاؤں کے ساتھ CPEC روڈ پر لوگ آ کر ناچ رہے تھے، یہ لوگ اس وقت روڈ پر ناچ رہے تھے جب مولانا کی اسی معاملے پر تقریر آ گئی تھی، اس کے بعد اسے exhibit کروایا گیا کہ دیکھو مولانا یہ لوگ آپ کے گاؤں تک آ گئے مگر اس وقت تک مولانا کی قومی اسمبلی میں اسی subject پر تقریر ہو چکی تھی، اس کے بعد وہ لوگ وہاں پر آ کر ناچے ہیں، اگر اس کے بعد وہ لوگ وہاں پر آ کر ناچے ہیں تو اس کے بعد آپ اس قانون کا اندازہ کر لیں کہ یہ قانون ہم سب کے خلاف کس طرح سے استعمال ہوگا۔ صدیقی صاحب آپ کی ہتھکڑی کا نشان ختم ہو گیا، ہمارے نشان ابھی تک باقی ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی منسٹر صاحب۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! it should be put before the House, ووٹ ہو، جناب ایک اسی single amendment پر، آپ ریکارڈ اٹھا کر دیکھ لیں۔۔۔

Mr. Chairman: It is only one amendment.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب single amendment ہے، میں نے کوئی بیس منٹ، ساروں نے کوئی ڈیڑھ گھنٹہ بات کی ہے، چھ ماہ وہاں رہی ہے، میں صرف یہ عرض کروں گا کہ

میں ساری باتوں کا جواب دے چکا ہوں، کامران مرتضیٰ صاحب اتنے senior lawyer ہیں، جناب آپ put کریں۔

Mr. Chairman: I have left with no other choice, but to put to the House to take the sense of the House.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب ایوان کی sense لیں، اگر House کہتا ہے تو اسے pass کریں۔

Mr. Chairman: Now I put the motion to the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Clause 2. There is no amendment in Clause 2, so I put this clause before the House. The question is that, Clause 2 do form part of the Bill?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Clause 2 stands part of the Bill. Clause 3. There are amendments in Clause 3. Senator Kamran Murtaza *Sahib*, do you want to put the amendments? There are amendments in Clause 3, Senator Kamran Murtaza, please move your amendments.

(Interruption)

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب چیئرمین! ایسا ہے کہ اس amendment کے ساتھ ایک motion بھی تھی اور وہ یہ تھی کہ اس کو اسلامی نظریاتی کونسل بھجوایا جائے۔

جناب چیئرمین: انہوں نے سن لیا ہے۔

سینیٹر کامران مرتضیٰ: نہیں جناب، سن تو لیا ہے لیکن اس پر voting required ہو گی۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please move the amendments. If you don’t want to move…

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب میں amendment move کر رہا ہوں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please move the amendments. I will go to the next item.

(مداخلت)

Senator Kamran Murtaza: Sir, I may be allowed?

Mr. Chairman: I have allowed. Kamran Murtaza *Sahib*, if you can’t move, then don’t move..

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب میں move کر رہا ہوں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Please let Kamran Murtaza to move the amendment.

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب اس headphone کو کھلوا دیں، میں آپ کی بات نہیں سن پا رہا ہوں۔

(مداخلت)

سینیٹر کامران مرتضیٰ: جناب مجھے آواز نہیں آ رہی ہے، میں آپ کو نہیں سن پا رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: مجھے آواز آ رہی ہے۔

Senator Kamran Murtaza: Sir, it is moved that amendment be made in sub-clause (a), in the proposed sub-section (1), of section 11EEEE, after the expression “not exceeding three months and after recording reasons

thereof," the expression "by a Special Judge, Anti-Terrorism Court, having the territorial jurisdiction and also hearing the detenue through his counsel," shall be inserted.

Mr. Chairman: I now put this amendment to the House.

(مداخلت)

جناب چیئرمین: میں دوبارہ put کرلیتا ہوں۔

I now put this amendment to the House.

(The motion was negatived)

Mr. Chairman: The question is that clause 3 as original, do form part of the Bill?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Clause 3 as original stands part of the Bill. Clause 1, the preamble and the title of the Bill. We may now take up Clause 1, the preamble and the title of the Bill. The question is that Clause 1, the preamble and the title of the Bill do form part of the Bill?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Clause 1, the preamble and the title stands part of the Bill.

آپ نے دو گھنٹے تک بحث کی ہے۔

(اس موقع پر اپوزیشن کے اراکین ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

Mr. Chairman: Order No.10, Minister *Sahib,* please move Order No.10.

Senator Muhammad Tallal Badar: Sir, I rise to move that the Bill further to amend the Anti-terrorism Act, 1997 [The Anti-terrorism (Amendment) Bill, 2025], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion to the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The Bill stands passed. Order No.11, Mr. Ali Pervaiz Malik, Minister for Petroleum, please move Order No.11.

Consideration and Passage of [The Petroleum (Amendment) Bill, 2025]

Mr. Ali Pervaiz Malik (Minister for Petroleum): Thank you Sir. I beg to move that the Bill further to amend the Petroleum Act, 1934 [The Petroleum (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: Is it opposed? I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Second reading of the Bill Clauses 2 to 8. There is no amendment in Clauses 2 to 8, so I will put these clauses before the House as one question. The question is that clauses 2 to 8 do form part of the Bill?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Clauses 2 to 8 stand part of the Bill. Clause 1, the preamble and the title of the Bill. We may now take up Clause 1, the preamble and the title of the

Bill. The question is that Clause 1, the preamble and the title of the Bill do form part of the Bill?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Clause 1, the preamble and the title stands part of the Bill. Now, we take up Clause 1 The Preamble and the Title of the Bill. The question is that Clause 1 The Preamble and the Title, do form part of the Bill?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: Clause 1 The Preamble and the Title stands part of the Bill. Order No.12.

Mr. Ali Pervaiz Malik: I, Minister for Petroleum, move that the Bill further to amend the Petroleum Act, 1934 [The Petroleum (Amendment) Bill, 2025], be passed.

Mr. Chairman: I now put the motion before the House.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The bill stands passed unanimously. Order No.13. Please order in the House. I would like to explain that there was only one amendment which I allowed to move the amendment and that was defeated. I can’t make the whole house hostage. Order.No.13. please move.

Resolution for Extension of Capital Development Authority (Amendment) Ordinance, 2025 (Ordinance No. III of 2025)

Senator Muhammad Tallal Badar: I, on behalf of, Senator Mohsin Raza Naqvi, Minister for Interior and Narcotics Control, move the following Resolution:-

"That the Senate resolves to extend the Capital Development Authority (Amendment) Ordinance, 2025 (Ordinance No. III of 2025), for a further period of one hundred and twenty days with effect from 30th August, 2025, under proviso to sub-paragraph (ii) of paragraph (a) of clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan."

Mr. Chairman: Is it opposed?

Senator Azam Nazeer Tarar: This is pending so the requirement is legal; it is a formality the bill is already pending with the Committee. They are asking for extension of time again.

Mr. Chairman: Allowed, Resolution for Extension of Ordinance. I, now put the resolution before the house.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The resolution is passed unanimously. Order No.14.

Resolution for extension of the National Agri-trade and Food Safety Authority Ordinance, 2025 (Ordinance No. VI of 2025)

Senator Azam Nazeer Tarar: I, move the following Resolution:-

"That the Senate resolves to extend the National Agri-trade and Food Safety Authority Ordinance, 2025 (Ordinance No. VI of 2025), for a further period of one hundred and twenty days with effect from 30th August, 2025, under proviso to sub-paragraph (ii) of paragraph (a) of clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan."

جناب چیئرمین! یہ حکومت کا بل ہے، یہ بھی کمیٹی میں ہے اس لیے extension.

Mr. Chairman: I, now put the resolution before the house.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The resolution is passed unanimously. Order No.15.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: میں شکریہ ادا کرنا چاہوں گا سینیٹر دلاور خان اور سینیٹر احمد خان کا کہ انہوں نے آج بالکل principle stance پر کھڑے ہوتے ہوئے ہمارا ساتھ دیا ہے اور انہوں نے جمہوری روایات کو برقرار رکھتے ہوئے، وہ تقریریں کرکے boycott کرکے نہیں گئے۔ انہوں نے بیٹھ کر ساری proceedings سینیٹر دلاور اور سینیٹر احمد نے سنی ہیں۔

جناب چیئرمین: دو گھنٹے۔ دنیش کمار صاحب ان کو منا کر لے آئیں۔

Mr. Chairman: It is an announcement, it is for the information of the House that standing Order No.2.30 and 2.31 regarding quorum in Committee meetings have been omitted and are being placed before the house as required by the Standing order No.4.3.

It is for the information of the house that a gesture of solidarity I announce to donate five days salary of the members of the Senate towards relief and rehabilitation for people effected by recent torrential rain.

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ: جناب چیئرمین! کچھ لوگوں نے announce کیا تھا کہ آپ Secretariat کو ہدایت کر دیں کہ جو لوگ پورے مہینے کی دینا چاہتے ہیں وہ Secretary Senate کو آگاہ کر دیں۔ also surrender for one month, اور جو باقی دوست بھی کرنا چاہیں۔

Mr. Chairman: Flash floods across various regions of KP, Secretariat may take further necessary action in this regard. If they want to donate of the whole month they can do it.

Order No.15. There is a report. Mr. Tariq Fazal Chaudhary.

<u>Laying of the Annual Report 2024 of the Election Commission of Pakistan</u>

Senator Muhammad Tallal Badar: I, on behalf of Dr. Tariq Fazal Chaudhary, Minister for Parliamentary Affairs, lay before the Senate the Annual Report 2024 of the Election Commission of Pakistan, as required under sub-section (2) of section 16 of the Elections Act, 2017.

Mr. Chairman: Report stands laid. Order No.16. Calling Attention Notice. There is a calling attention notice in the name of Senators Atta-ur-Rehman, Atta ul Haq, Abdul Wasay and Abdul Shakoor Khan, please raise the matter.

ایک item رہ گیا ہے منسٹر چلے جائیں گے۔ منسٹر جا رہے ہیں تو ایک calling attention وہ لے لیں۔ Order No.17.

Calling attention raised by Senator Jam Saifullah Khan regarding the gas exploration extraction in Ghotki Sindh by various companies

Senator Jam Saifullah Khan: I, draw attention of the Minister for Petroleum, towards the gas exploration / extraction in Ghokti Sindh by various companies, causing environmental degradation and other issues like gaps in Corporate Social Responsibility initiatives, limited employment opportunities for local residents and the non-supply of extracted gas to the district.

Mr. Chairman: Minister concerned.

جناب علی پرویز ملک : جناب چیئرمین ! یہ معاملہ جس کی طرف معزز سینیٹر نے نشان دہی کی۔۔۔

Mr. Chairman: Okay if you want to explain it.

جناب علی پرویز ملک: آپ لے لیں میں ایک ہی دفعہ جواب دے دوں گا۔

سینیٹر جام سیف اللہ خان: جناب چیئرمین ! آپ کا بہت بہت شکریہ ادا کرتا ہوں۔آپ نے مجھے موقع دیا، میرا تعلق ضلع گھوٹکی سے ہے اور ضلع گھوٹکی bordering Punjab ایک چھوٹا سا district ہے اور وہ oil کی دولت سے مالامال ہے اور پچھلے تقریباً پچاس سالوں سے 1967 سے لے کر اب تک جو وہاں کی main gas companies ہیں۔ ایک ماڑی گیس ہے اور ایک OGDCL کی قادر پور گیس فیلڈ ہے اور ابھی چھوٹی چھوٹی gas fields انہوں نے discover کی ہیں۔ایک رحمت گیس ہے وہ بھی سردار گھڑ کے علاقے میں exploration کر رہی ہے۔ میں اپنے دوستوں کو بتانا چاہتا ہوں، اپنے colleagues کو کہ ہماری سندھ کی جو total gas contribution ہے ہمارے سارے ملک کی economy میں وہ تقریباً 65 to 70% ہے۔ کسی زمانے میں 70% ہوتی تھی اور ابھی میرے خیال سے 65% ہے۔جو صرف گھوٹکی کی contribution ہے پہلے تو peak years میں جب ان

کی peak production ہوتی تھی تب 30% تھی۔ یہ 30% پورے پاکستان کی جو production ہے وہ ہمارے گھوٹکی سے نکلتی تھی اور اس کا مطلب یہ ہے کہ گھوٹکی کی جتنی production ہے۔ ہمارے تینوں صوبے چاہے پنجاب ہو، خیبر پختونخوااور بلوچستان ان کی جتنی بھی production ہے وہ ہماری گیس کے برابر ہےاور گھوٹکی گیس سے جو گیس نکلتی ہے وہ Sui Northern کو بھی جاتی ہے۔ Liberty میں دو power plant ہیں تقریباً 250 mega watts کے، ایک Liberty Power and one Engro Power ان کو بھی گیس دی جاتی ہے اور اسی طریقے سے جو ماڑی گیس ہے وہ نہ صرف Sui Northern کو گیس دیتی ہے بلکہ تقریباً 7 fertilizer factories ہیں۔ جس میں Engro کے دو units ہیں، Fauji Foundation کے تقریباً تین units ہیں، Fatima Fertilizer ہے، Pak-Arab Fertilizer ہے۔ تقریباً سات یوریا factories ہیں، fertilizer factories ہیں وہ یہاں سے ہی گیس لیتی ہیں۔ ہمیں اس بات پر بہت فخر ہے کہ جو گھوٹکی کی contribution ہے National Economy میں اور اس میں گیس کے حوالے سے، fertilizer کے حوالے سے، Power production کے حوالے سے اور Sui Northern کے حوالے سے اور Sui Northern میں آپ کو بتاتا چلوں کہ Sui Northern gas pipelines ہے جو gas system ہے وہ گیس گھوٹکی سے نکالتے ہیں اور پنجاب اور خیبر پختونخوا میں Sui Northern سے گیس جاتی ہے جو کہ ماڑی گیس اور قادر پور گیس کی ہے۔

تو یہ ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ گھوٹکی ایسا چھوٹا سا علاقہ ہے جس نے پاکستان کی ترقی میں پاکستان کی economy میں بڑا کلیدی کردار ادا کیا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ چیئرمین صاحب! ہمیں شکایتیں بھی بہت ہیں۔ اس میں جہاں سے یہ گیس نکلتی ہے۔ یہاں سے چاہے یہ fertilizer factories ہوں۔ میں آپ کو بتاؤں کہ Engro ہو، چاہے Fauji fertilizer ہو ان کے جو سالانہ national profits ہیں وہ تقریباً چالیس چالیس بلین کے قریب ہیں۔ اگر ان کی پچھلے پانچ سال کی average بھی نکالیں۔ چاہے اس میں Engro ہو، چاہے اس میں FFC ہو لیکن ان علاقوں میں جو ان کی کوئی social responsibilities ہیں یا کوئی charitable کام

کرتے ہیں وہ نہ ہونے کے برابر ہیں۔ کہیں کوئی سکول کھولتے ہیں، کہیں چھوٹی سی ڈسپنسری کھولتے ہیں اور ہونا تو یہ چاہیے جس زمین سے وہ اتنا profit کماتے ہیں کم از کم وہاں ایک بہت بڑا ادارہ کھولیں۔ کوئی تعلیمی Institute کھولیں یا کوئی بہت بڑا ہسپتال کھولیں یا وہاں کے لوگوں کے لیے سہولت دیں۔ مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ وہاں پر یہ بھی بہت بڑا مسئلہ ہے کہ لوگوں کو لوکل نوکریاں بھی نہیں ملتیں حالانکہ یہ قانون ہے کہ non-technical جو بھی jobs ہیں وہ سو فیصد اسی علاقے کو ملیں گی جہاں سے یہ گیس نکلتی ہے۔ اور وہاں بھی ان کا ratio پورا نہیں ہوتا اور اگر کہیں کوئی technical job بھی ہے تو یہ سارے اتنے اربوں کمانے والے ادارے ہیں یہ کم از کم کوئی technical Institute کھول سکتے ہیں تاکہ وہاں لوگوں کے لیے کوئی welding Institute کھول دیں یا کوئی چھوٹا موٹا technical Institute کھول دیں۔

جناب چیئرمین! مجھے اچھے طریقے سے یاد ہے کہ محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ 1990 میں آئی تھیں تو یہی شکایتیں ان کے سامنے ہوئی تھیں، جب وہ قادر پور Gas field میں آئی تھیں تو انہوں نے order کیا تھا کہ یہاں technical school کھولیں۔ وہاں پر انہوں نے بورڈز بھی لگا دیے اور ہر چیز لگا دی لیکن جیسے ہی ان کی حکومت گئی وہ سارے بورڈز وغیرہ اتار دیے۔ تو جناب چیئرمین! ہمیں بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اگر آپ ان کی stock market میں دیکھیں چاہے Power plants, fertilizer factories, OGDC, FFC and Engro ہو اس وقت ان سب کے high stock جا رہے ہیں۔ تو یہ تھوڑا generosity دکھائیں، لوگوں کے لیے کام کریں اور کوئی بڑا ادارہ قائم کریں۔ ہمارے Engro کے جو مالک ہیں ایک بہت بڑی داؤد فیملی سے ان کا تعلق ہے۔

(اس موقع پر جناب ڈپٹی چیئرمین کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

سینیٹر جام سیف اللہ خان: تقریباً کوئی پچھلے چالیس سالوں سے وہ اربوں روپے کما رہے ہیں اور ہمیں افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ان کی جو contribution ہے social uplift کے لیے وہاں علاقے میں وہ بالکل نہ ہونے کے برابر ہے۔ ایک بڑا unfortunate واقعہ بھی ہوا تھا جس میں اس family کے ہمارے ایک شہزادہ داؤد صاحب ہیں۔ دو سال پہلے ایک واقعہ ہوا تھا

Ocean-Gate کا جس میں وہ Titanic کے لیے جا رہے تھے تو اس میں وہ اور ان کا بیٹا unfortunately and tragically ہلاک ہو گئے تھے۔ ہماری ان کے لیے بھی دعا ہے کہ اللہ ان کی مغفرت کرے اور اللہ انہیں جنت میں جگہ دے لیکن وہ تقریباً 250,000 Pounds میں صرف اسی ایک trip کے لیے جا رہے تھے۔ تو میری اس family سے گزارش ہو گی اور یہ family بڑی اچھی ہے۔ انہوں نے کافی charity کے کام کیے ہیں۔ میری ان سے بھی گزارش ہو گی کہ جس علاقے سے آپ اتنا کماتے ہیں، کم از کم اس علاقے میں آپ اربوں روپے کماتے ہیں اور چالیس چالیس ارب روپے average کماتے ہیں اور ان کو ماڑی گیس سے جو گیس ملتی ہے وہ بھی concessional rate پر ملتی ہے اور انہیں uninterrupted gas supply کا بھی جو بیس سال کے لیے ان کے ساتھ کوئی agreement کیا ہوا ہے اور یہ اگر concessional rate دیتے ہیں تو بھئی آپ اس علاقے اور گھوٹکی کے جو لوگ ہیں کم از کم انہیں تو کوئی تھوڑی سی سہولت دیں۔ یوریا بھی وہاں پر black میں مل رہی ہوتی ہے۔

جناب چیئرمین! یہ منسٹر صاحب ہمارے بڑے جوان ہیں اور ان کی اچھی تعریف سنی ہے۔ میں چاہوں گا کہ اب یہ ذمہ داری ان پر تو نہیں ہے، ان سے پہلے یہ ساری چیزیں ہوتی رہی ہیں لیکن کم از کم جو نا انصافیاں ہوئی ہیں تو ان کے دور کرنے میں کوئی اگر ان کا تدارک ہو سکتا ہے تو ہم بڑا appreciate کریں گے۔ ساری یہاں سے جو گیس جا رہی ہے یہ Sui Northern میں جا رہی ہے لیکن ہر چیز کے لیے ایک قانون ہوتا ہے کہ بھئی آپ جہاں سے گیس نکال رہے ہیں وہاں پر پانچ چھ کلومیٹر کے فاصلے پر جو جو گاؤں ہیں آپ انہیں گیس فراہم کریں حالانکہ وہاں کے عوام نے گیس کے حصول کے لیے پیسے بھی جمع کیے ہوئے ہیں لیکن ابھی ایک قسم کا moratorium لگایا ہوا ہے کہ ہم نئی گیس نہیں دیں گے۔ تو میں منسٹر صاحب سے گزارش کروں گا کہ کم از کم اس علاقے سے یہ moratorium ہٹوائیں اور لوگوں کو گیس دیں، لوگوں کو نوکری دیں، لوگوں کو کوئی technical training وغیرہ دیں۔ اور یہ باقی سارے کام SFC کے ہیں، کوئی بہت بڑا ادارہ ہو، چاہے OGDC ہو، چاہے FFC ہو انہیں کہیں کہ جو ان کی ذمہ داری ہے، چاہے اس میں royalty ہو، ہمیں یہ پتا نہیں ہے، اگر منسٹر صاحب کے پاس کوئی information ہے کہ یہ royalty کی مد میں کتنا پیسہ دیتے ہیں۔ حکومت سندھ کو کتنا دیتے ہیں۔ ضلع کو کتنا دیتے ہیں یا

Social Responsibility Fund میں کتنا دیتے ہیں۔ ایک production bonusہوتا ہے۔ Production bonus میں کتنے پیسے دیتے ہیں۔ لیکن ہماری ان سے بڑی گزارش یہ ہے کہ ان کو یہ کسی قانون کی آڑ میں loophole بنا کر یہ نہیں کریں۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ اگر ایک کمپنی نے پہلے کوئی deal کی تھی کہ اس پر SRF کے فنڈز لاگو نہیں ہوتے۔ ایک کمپنی ماڑی گیس پر ہوتے ہیں۔ تو میں چاہتا ہوں کہ یہ ایک uniform policy ہو، اگر کوئی نہیں بھی ہے تو آپ کم از کم جتنے عرصے سے انہوں نے profit لیے ہیں۔ کم از کم اس علاقے میں کوئی ترقیاتی کام کروائیں۔ کوئی roadsکا network بنائیں۔ قادر پور جہاں پر Gas field بنتی ہے اس کی سڑک پر اگر آپ جائیں گے، خدانخواستہ وہاں پر جو عورتیں گزرتی ہیں تو ان بے چاروں کی pregnancy بھی ختم ہو سکتی ہے۔ وہ road اتنا dilapidated condition میں ہے۔ آپ کو پتا ہے کہ پہلے وہاں سے گیس کی جو production کی capacity تھی انہوں نے special compressor لگا کر گیس کی جو quality ہے وہ تقریباً کوئی double کے قریب وہاں سے ابھی extract کر رہے ہیں۔ اب آس پاس کے جو لوگ رہتے ہیں اس میں آپ جا کر پتا کریں کسی کو bronchitis ہے اور کسی کو asthma ہے کیونکہ جو گیس وہاں سے نکلتی ہے اس میں carbon dioxide and poisonous gas ہے۔ اب وہاں کے لوگ بیمار ہو رہے ہیں۔ خدارا! لوگوں پر کچھ رحم کریں۔

میں منسٹر صاحب سے گزارش کروں گا کہ نہ صرف اس پر action لیں بلکہ یہ جو میری request ہے اس کو کمیٹی میں بھی بھیجیں تاکہ پھر کمیٹی میں ہم جو مختلف لوگ ہیں، چاہے ماڑی گیس ہو، چاہے OGDC ہو ان کو بلا کر اور ان کے نمائندوں سے بات کر کے ان سے رپورٹ لے لیں۔ چاہے fertilizer factories ہوں یا دو power plants ہیں اور Engro بھی گھوٹکی میں ہے۔ وہ سارے pollution پیدا کر رہے ہیں۔ ان کا بالکل pollution پیدا کرنے میں بھرپور کردار ہے۔ آپ گھوٹکی کی air quality index دیکھیں تو سب سے زیادہ بیماریاں بھی اس علاقے میں ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ تو نہیں ہو سکتا کہ ایک خطہ ایسا ہو جس کا پورے پاکستان کی ترقی میں بڑا اہم کردار ہو اور وہاں پر ان اداروں کی کوئی responsibility نہ ہو کہ لوگوں کی نہ کوئی Health کے لیے پیسے دے، نہ کوئی اس کی ترقی کے لیے پیسے دے۔ تو اس سلسلے میں مجھے بڑی

امید ہے منسٹر صاحب سے اور آج میری OGDC والوں کے ساتھ میٹنگ بھی ہے۔ تو میں چاہوں گا کہ اس کو کمیٹی میں بھی بھیجیں اور یہ جو معلومات میں نے مانگی ہیں یہ بھی kindly مجھے فراہم کریں۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، علی پرویز صاحب، وزیر برائے پٹرولیم۔

Mr. Ali Pervaiz Malik, Minister for Petroleum

جناب علی پرویز ملک: بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین! سینیٹر صاحب کے جو جذبات ہیں میں ان کی قدر بھی کرتا ہوں اور ان کو یہ یقین دہانی بھی کراتا ہوں کہ جو اہمیت ضلع گھوٹکی کی Petroleum Division کے لیے ہے ہم اس ذمہ داری کا بھی احساس رکھتے ہیں اور اس کے اوپر کیا پیش رفت کی ہے میں point by point جو انہوں نے معاملات اٹھائے ہیں ان پر جواب دینے کی کوشش بھی کروں گا۔ جناب چیئرمین! سینیٹر صاحب نے بالکل ٹھیک کہا دو بڑی fields یہاں پر موجود ہیں۔ ایک قادر پور کی ہے جو OGDCL چلاتا ہے اور دوسری ماڑی کی field ہے جو ماڑی انرجیز چلاتی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ چھوٹی چھوٹی چند fields ہیں۔ جس میں Badar field بھی ہے جو PEL والے چلاتے ہیں اور مجموعی طور پر تقریباً 900 MMCFD کے قریب گیس گھوٹکی ضلع سے ہمیں ملتی ہے۔ تو یہاں تک تو معاملہ بالکل ٹھیک ہے۔ جناب چیئرمین! اب قادر پور کا جو petroleum concession agreement ہوا ہے، وہ 1989 کے اندر ہوا تھا۔ اس وقت قانونی طور پر کوئی بندش نہیں تھی کہ انہوں نے social welfare کی ذمہ داری لینی ہے۔ میں آپ سے گزارش کروں گا کہ پچھلے پانچ سالوں کے اندر OGDC نے ہماری مشاورت کے ساتھ تقریباً 50 کروڑ روپے سے زیادہ کے social benefits کے projects, health کے اندر بھی، education کے اندر بھی، سڑکیں بنانے کے اندر بھی، وہ سارے وہاں پر کیے ہیں۔ اگر ان کے اوپر یہ social responsibility (CSR) ہوتی بھی تو اس سے کم پیسے انہوں نے ریاست اور حکومت کو دینے تھے۔ للہذا، اس سے کہیں زیادہ ہم نے ان سے خرچ کروائے ہیں۔ ان سارے منصوبوں کی تفصیل میں معزز رکن صاحب کو دے دوں گا اور ان کی میٹنگ کے اندر اگر یہ کچھ پوچھنا چاہتے ہیں، اس میں بھی مدد کر دوں گا۔

جہاں تک ماڑی کا معاملہ ہے، قانون کے مطابق 1991 کے اندر PCA ہوا ہے، وہ سوشل ویلفیئر کمیٹی کے اندر ایک ارب روپے سے زیادہ جمع کرواچکے ہیں۔ جو انہوں نے بتایا production bonus والی اسکیم ہے، اس کے اندر تقریباً اڑھائی ارب سے زیادہ جمع کرواچکے ہیں۔ ان سارے پیسوں کے ذریعے تقریباً 329 اسکیمیں مختلف شعبہ جات کے اندر وہاں پر چلائی جارہی ہیں۔ میں ان کی ساری تفصیل بھی DC office سے لے کر معزز سینیٹر صاحب کو مہیا کر دوں گا۔ وہاں پر development اور infrastructure کی بحالی کے لیے کیا کر رہے ہیں، میں نے آپ کو بتادیا۔ اس کے ساتھ ساتھ جو سینیٹر صاحب نے دوسرا معاملہ اٹھایا کہ وہاں پر ان منصوبوں کی وجہ سے روزگار مقامی لوگوں کو دستیاب ہونا چاہیے تھا۔ تقریباً 850 سے 900 کے قریب ان دو fields میں وہاں پر employed ہیں۔ میں یہ ڈیٹا بھی سینیٹر صاحب کو دے دوں گا، گھوٹکی ضلع کے لوگ تقریباً 500 ہیں۔ پچاس سے ساٹھ فیصد کے قریب لوگ مقامی ضلع کے ہیں۔ ان کو ناموں سمیت اس کی تفصیل مہیا کر دی جائے گی۔ اس کے بعد تقریباً پندرہ فیصد مزید صوبہ سندھ کے ہیں۔ اس کے بعد جو پچیس چھبیس فیصد بنتا ہے، وہ باقی صوبوں سے لیے گئے ہیں کیونکہ اگر locally وہاں پر ان کے پاس skillset موجود نہیں تھا تو باہر کے صوبوں سے ان لوگوں کو لیا گیا۔ وہ ساری تفصیل بھی میں انہیں دے دوں گا۔

آخری بات جو سینیٹر صاحب نے کی کہ جہاں پر گیس دستیاب ہوتی ہے یا جہاں سے گیس ملتی ہے، آیا وہاں پر moratorium ہے یا نہیں؟ جناب! گزارش یہ ہے کہ پانچ کلومیٹر کا جو radius ہوتا ہے جہاں پر یہ کنواں موجود ہوتا ہے، اس کے اندر کوئی moratorium نہیں ہے۔ تقریباً ہزاروں کے قریب کنکشن وہاں پر آج تک دیے گئے ہیں۔ تقریباً پچاس کلومیٹر کی پائپ لائن وہاں پر سات اسکیموں کے ذریعے lay کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ہزاروں کے قریب اور بھی applications pending پڑی ہوئی ہیں۔ پانچ کلومیٹر کی حد سے باہر moratorium ہوتا ہے اور گھوٹکی شہر بالکل اس کی زد میں آتا ہے۔ اس کے اوپر بھی وزیر اعظم صاحب نے جو ہمارے پاس RLNG کی دستیابی ہے، اس کو دیکھتے ہوئے ہمیں ہدایت کی ہے کہ کابینہ میں summary move کرکے RLNG کنکشن کے اوپر جو قدغن ہے، اس کو ختم کیا جائے اور اس کے بعد گھوٹکی شہر

کے اندر لوگوں کو مجبوراً LPG جو مہنگا ایندھن ہے، اس پر انحصار کرنا پڑتا ہے، اس کو بھی ختم کیا جائے گا۔

لہٰذا، میں نے تین چار معاملات جو اس سے جڑے ہوئے ہیں، جو سینیٹر صاحب نے اٹھائے تھے، ان کا تفصیلی جواب دے دیا ہے۔ کس کمپنی نے کون سی individual schemes کی ہیں، کیا کیا ہے، ان سے میں ان کی ملاقات بھی کروادیتا ہوں۔ اگر ان کی تسلی نہ ہو تو یہ مجھ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ بہت بہت شکریہ۔

سینیٹر جام سیف اللہ خان: جناب! میں گزارش کروں گا کہ اس معاملے کو کمیٹی میں بھیج دیں۔ وہاں ان کے نمائندے موجود ہوں گے کیونکہ OGDC کے ساتھ بھی کچھ مسئلے ہیں، ماڑی گیس والوں کے ساتھ بھی مسئلے ہیں تو اگر ان کا کوئی نمائندہ ہوگا تو اس سے معلومات لی جا سکیں گی۔ اس میں منسٹر صاحب بھی ہوں گے اور اس میں ہمارے جو بھی مسائل ہوں گے، زیر غور آ جائیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ نے اس پر اتنی زیادہ بات کی اور منسٹر صاحب نے بھی بہت مفصل جواب دیا۔ اس کے بعد تو۔۔۔۔۔

سینیٹر جام سیف اللہ خان: چیئرمین صاحب! یہ چیزیں تو پہلے بھی ہمیشہ discuss ہوتی رہی ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: پرویز صاحب۔

جناب علی پرویز ملک: جناب! سینیٹر صاحب کو جو تفصیل چاہیے، یہ ایک مرتبہ مجھ سے لے لیں۔ اس سے اگر ان کی تسلی نہیں ہوتی تو ان کی ملاقاتیں بھی کروادیں گے۔ اس کے بعد کمیٹی میں چیئرمین صاحب کے مشورے سے بھی جو بھی ایجنڈا رکھنا چاہیں، رکھ سکتے ہیں۔ ہم وہاں پر آکر ان کو بریفنگ دے دیں گے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کو اتنے بڑے فورم پر پوری دنیا دیکھ رہی ہے۔ توجہ دلاؤ نوٹس کو نمٹایا جاتا ہے۔ ایجنڈا ختم ہو گیا ہے۔ جی طلحہ محمود صاحب، پلیز۔

Point of public importance raised by Senator Muhammad Talha Mehmood regarding difficulties being faced by the residents of Chitral District

سینیٹر محمد طلحہ محمود: اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم۔ محترم چیئرمین صاحب! چونکہ میری پہلی مرتبہ بات چیت شروع ہو رہی ہے، میں نے جمعہ کو پہلے بھی کوشش کی تھی لیکن مجھے موقع نہیں دیا گیا جبکہ آج بھی ایسے وقت پر موقع دیا گیا ہے کہ جب لوگ بھی کم ہیں، بہر حال، میں اپنا point of view دوں گا کیونکہ میڈیا یہاں پر بیٹھا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ان شاء اللہ، چوبیس کروڑ عوام آپ کو سن رہے ہیں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جناب! اس وقت میں ایک اہم معاملے کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ اس وقت چترال میرا حلقہ ہے، میں نے 2024 میں وہاں سے الیکشن لڑا اور مجھے وہاں سے تقریباً 43 ہزار کے لگ بھگ ووٹ بھی ملے۔ میں بتانا یہ چاہتا ہوں کہ چترال کو بالکل نظر انداز کیا گیا ہے۔ چترال اس وقت ادھڑا ہوا پڑا ہے۔ میں آپ کو صرف ایک واقعہ بتانا چاہتا ہوں۔ میں اپنے بیٹوں کے ساتھ اُوپر جارہا تھا۔ اُوپر کے اندر ہمارے ساتھ دو جگہوں پر حادثے ہوئے اور ہم مرتے مرتے بچے ہیں۔ یہ حالت ہے وہاں کی سڑکوں کی۔ ہمارے لوگوں نے وہاں پر کھڑکی سے باہر نکل کر جان بچائی۔ اُوپر وہ علاقہ ہے جہاں پر اس وقت یہ لوگ جو یہاں پر موجود نہیں ہیں، ان لوگوں کی وہاں پر بارہ سالوں سے حکومت ہے اور وہاں سے ان کا نمائندہ تھا جو یہاں قومی اسمبلی میں بیٹھتا رہا ہے۔ اس کی position یہ ہے کہ وہاں پر مختلف قسم کے حادثات کے حوالے سے casualties کی تعداد بڑھتی جارہی ہے کیونکہ جس وقت آپ لواری ٹنل کے اندر داخل ہوتے ہیں تو لواری ٹنل سے لے کر شندور تک کچھ بھی نہیں ہے۔ وہاں ایسا منظر پیش ہوتا ہے کہ جیسے آپ کسی ایسے علاقے میں آ گئے ہیں جہاں پتھروں کا زمانہ ہے۔ جہاں پر خچر اور گھوڑے چلتے ہوں۔ یہ ایک انتہائی اہم جگہ ہے جہاں پر شاہ سلیم کا border ہے جو افغانستان کے ساتھ touch کرتا ہے۔ ارندو کے ساتھ یہ جگہ سینٹرل ایشیا کو ملا سکتی ہے۔ یہ علاقہ سیاحت کے حوالے سے بہت important ہے۔ اس کی approaches صرف دو ہیں۔ ایک لواری ٹنل سے آدمی داخل ہو سکتا ہے جبکہ دوسری

وہاں پر جہاز کے ذریعے ہوتی ہے۔ وہاں پر ایئرپورٹ موجود ہے لیکن کسی قسم کی کوئی approach فلائٹ نہیں ہے۔

میں سمجھتا ہوں کہ وہاں پر ظلم اور زیادتی ہو رہی ہے۔ وہاں پر کسی قسم کی protection walls نہیں ہیں۔ تھوڑی سی گاڑی slip ہوتی ہے تو سیدھی دریا کے اندر چلی جاتی ہے۔ پچھلے دنوں میں ایک علاقے میں جا رہا تھا تو وہ لوگ مجھے ایک گاؤں میں لے گئے۔ میرے سامنے وہ ایک handicap بچہ لائے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے دنوں اس کا بھائی چترال کی طرف جا رہا تھا، گاڑی کی بریک نہیں لگی تو وہ گاڑی سمیت دریا میں چلا گیا اور ابھی تک اس کی لاش نہیں ملی۔ اس کے ساتھ اس کے محلے کے ایک صاحب بھی تھے جو اس کے ساتھ بیٹھے تھے۔ وہ بھی دریا کے اندر ہیں اور ابھی تک دونوں لاشیں نہیں ملیں۔ میں دوسرے گھر میں گیا، دوسرے صاحب جن کی casualty ہوئی تھی۔ ان کی آٹھ بیٹیاں تھیں جبکہ ایک handicap بچہ تھا۔ میں بتانا یہ چاہتا ہوں کہ وہاں پر انتہائی زیادتی اور ظلم ہو رہا ہے۔ یہ جتنے بھی علاقے ہیں، لواری ٹنل سے جیسے ہی آپ داخل ہوتے ہیں، بروغل تک، چاہے آپ بات کریں شندور کی، آپ کا برپ ہے، آپ کالس پور ہے، رنبور ہے، بریر ہے، بمبوریت ہے، گرم چشمہ، مستوج، مورکو، تھورگو، آیون ہے، شیشی کوہ ہے، دروش ہے، یہ بڑے بڑے علاقے ہیں اور اتنے خوبصورت ہیں، یہاں پر سیاحت ہو سکتی ہے، یہاں پر لوگوں کو روزگار مل سکتا ہے لیکن اس کو بالکل نظرانداز کیا گیا ہے۔

میں پچھلے دنوں وہاں ہسپتال میں گیا، پورے اپر چترال ضلع کے اندر dialysis machine نہیں ہے اور لوئر چترال ضلع میں جو dialysis machines ہیں وہ بھی خراب پڑی ہیں، ہم نے personal level پر لوگوں سے مل کر اسے ٹھیک کروایا اور وہ کام کر رہی ہے۔ وہاں چار ہزار سال پرانا culture available ہے لیکن وہاں تک پہنچنا مشکل ہے، وہاں کی سڑکیں اس طرح ہیں کہ اگر آدھے گھنٹے کا راستہ ہے تو آپ کو تین، چار گھنٹے لگ جاتے ہیں۔

جناب والا! وہاں ترچ میر کی چوٹی، پرانے شاہی قلعے، یہ سیاحت کی بہترین جگہیں ہیں لیکن انہیں بالکل نظرانداز کیا گیا ہے۔ وہاں صاف پانی کا بہت زیادہ مسئلہ ہے، بے روزگاری اور غربت ہے، صحت کے بہت زیادہ مسائل ہیں۔ میں وہاں ایک یونیورسٹی گیا جس کا نام University of

Chitral ہے، اگر میں اس کا comparison یہاں کے کسی چھوٹے سے سکول کے ساتھ کروں تو میرے خیال میں یہاں کا سکول اس سے بہتر ہو گا۔ ایک تو یہ defence road بنتی ہے، جو گرم چشمہ سے شاہ سلیم کی طرف جاتی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ سڑک تو defence budget سے بھی بنائی جا سکتی ہے اور یہ بہت اہم سڑک ہے۔ اس کے بعد ارندو کا علاقہ ہے جو افغانستان کے ساتھ ملتا ہے اور یہ علاقہ اس طرح افغانستان کے ساتھ جڑا ہوا ہے کہ جس میں چرواہے وغیرہ آگے پیچھے ہو سکتے ہیں۔ ابھی پچھلے دنوں شیخان نامی ایک جگہ ہے، یہ بمبوریت سے پہاڑ کے اوپر ہے، اس کے رہائشی تین چرواہے اپنے مویشی چراتے ہوئے افغانستان کے بارڈر کے قریب پہنچ گئے تھے، ان تینوں کو افغانستان کی security forces نے اپنے قبضے میں لے لیا اور ابھی وہ تینوں ان کے قبضے میں ہیں۔ ان کا کوئی اتا پتا نہیں چل رہا، ہم نے اپنے آدمی ان کی تلاش میں بھیجے ہوئے ہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہم تو اپنی طرف سے جو کوشش کر رہے ہیں وہ تو ہے ہی لیکن میرا مقصد صرف یہ ہے کہ ایوان اور لوگوں کی توجہ اس طرف مبذول کروانی کہ اتنا بہترین علاقہ جہاں بہت اچھی mining ہو سکتی ہے، وہاں سیاحت کے بے شمار مواقع ہیں۔ وہاں بہترین local fruits ہیں، وہاں cottage industry لگ سکتی ہے لیکن ان سب چیزوں کے لیے سب سے important چیز approach road ہے۔ وہاں approach road اس طرح ادھڑی ہوئی ہے کہ آدھے گھنٹے کا سفر چار، چار گھنٹوں میں طے ہوتا ہے، آپ کی گاڑی خراب ہو جاتی ہے۔ میں نے اس point of order پر جو بات کی ہے، اگر اس کو کسی کمیٹی کے سپرد کیا جائے تو میں وہاں fully brief کر سکتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کمیٹی کے سپرد کرنے کے لیے تو موجود ہی نہیں ہے۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جناب والا! آپ تو سپرد کر سکتے ہیں، آپ نے refer کرنا ہے اور order ان کے پاس چلا جائے گا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ public importance پر بات کر سکتے ہیں۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ یہ Standing Committee on Communications کو refer ہونا چاہیے۔ جناب والا! میں آپ کو ایک چھوٹی سی

بات بتانا چاہتا ہوں کہ مجھے بتایا گیا کہ تورکھوپوری تحصیل ہے وہاں اٹھائیس فٹ سڑک بنی چاہیے، وہاں کا ٹھیکیدار اس سڑک کو سترہ یا اٹھارہ فٹ چوڑی بنا رہا ہے، کھل کر بے ایمانی ہو رہی ہے اور وہاں لوگ کھل کر جو کام کر سکتے ہیں وہ کر رہے ہیں۔ایک عمر خان نامی کوئی کمپنی ہے جو شندور کی سڑک بنا رہی ہے، اس میں corruption کے انبار لگے ہیں، وہاں کے لوگوں کو بے وقوف بنا کر جن کا بس چلتا ہے وہ اربوں روپے لُوٹ رہے ہیں۔ وہاں غربت ہے اور وہاں بے شمار ایسی ایسی بیماریاں ہیں جو اس وقت پاکستان کے دوسرے علاقوں میں نہیں ہوں گی جو میں نے وہاں لوگوں میں دیکھی ہیں۔ وہاں میں نے پولیو کے مریض دیکھے ہیں اور مجھے بتایا گیا ہے کہ وہاں سو سے زائد مریض ہیں اور یہ کس وجہ سے ہے کہ وہاں پینے کا پانی میسر نہیں ہے۔ مسائل ہوتے ہیں تو سب سے پہلے وہیں پر ہوتے ہیں، سیلاب آتے ہیں یا کوئی مسئلہ آتا ہے تو وہ مسئلہ وہیں پر آتا ہے اور مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ یہ بات کرنی پڑ رہی ہے کہ وہاں کی ساری نمائندگی ان لوگوں کی ہے جن کی اس وقت خیبر پختونخوا میں حکومت ہے، ان کے MPA بھی اسی پارٹی کے ہیں، MNA بھی اسی پارٹی کے ہیں۔ اس کے علاوہ special seats کے بھی کئی ایسے نمائندے وہاں موجود ہیں۔ اگر آپ یہاں video کا arrange کروائیں تو میں اس پر آپ سے بات بھی کروں گا،آپ video دیکھیں گے تو حیران رہ جائیں گے کہ یہ علاقہ کیا پاکستان کے اندر ہو سکتا ہے؟ اتنا ٹوٹا پھوٹا، اتنا خطرناک، کسی سڑک پر چلنا ایسا ہے جیسے آپ موت کا سفر کر رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ وہاں بھی انسان رہتے ہیں، ان انسانوں کا بھی احساس کرنا چاہیے، بچوں کا احساس کرنا چاہیے، وہاں کی خواتین کا احساس کرنا چاہیے، وہاں لوگ تڑپ رہے ہیں۔ میں زیادہ دور نہیں جاتا، یہاں پی ٹی آئی کی سینیٹر فلک ناز صاحبہ ہیں، کل انہوں نے میرے ساتھ ذکر کیا کہ وہاں خودکشیوں کی تعداد بڑھتی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دارالامان میں ایسی بچیاں ہیں جن کے دماغ نے کام کرنا چھوڑ دیا ہے، وہاں لوگ اتنی زیادہ تکالیف میں مبتلا ہیں۔ وہاں خودکشی کا rate سب سے زیادہ high ہے۔ میں آپ کے ساتھ اس پر detail discussion کرنا چاہتا ہوں، میں اس پر resolution لانا چاہتا ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے آپ کو اسی لیے وقت دیا تھا کہ آپ نے گلہ کیا تھا کہ اُس دن آپ کو وقت نہیں دیا تھا، اس لیے آج آپ کو وقت دیا تھا۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جی میں آپ کا شکر گزار ہوں۔ میں resolution لانا چاہتا ہوں، میں motion لانا چاہتا ہوں، میں اس پر Bill بنا کر لاؤں گا۔ میں کہتا ہوں کہ اس علاقے کو بھی due respect and due right ملنا چاہیے جو پاکستان کے دوسرے علاقوں کو ملتا ہے۔ وہاں کے لوگ بھی ٹیکس دیتے ہیں اور وہ ٹیکس ان کے علاقے پر نہیں لگتا۔ مجھے انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ ان کی شنوائی بھی نہیں ہے، یہاں کے مقتدر ادارے بھی انہیں اہمیت دینے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ اس وقت وہاں NHA کے تحت جو سڑکیں بن رہی ہیں، میں شکر گزار ہوں بریگیڈیئر رانجھا صاحب جو وزیر اعظم معائنہ کمیشن کے Head ہیں اور ظاہر شاہ صاحب جو Vice Chairman ہیں، میری ظاہر شاہ صاحب کے ساتھ پوری تفصیل سے بات ہوئی ہے، وہ لوگ وہاں سڑکوں کے حوالے سے کچھ کام بھی کرنا چاہتے ہیں، مجھے انہوں نے یقین دہانی بھی کروائی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: طلحہ صاحب! آپ اس حوالے سے کوئی motion یا کوئی دوسری چیز جمع کروائیں، حکومت کے لوگ بھی بیٹھے ہوں گے، وزراء بھی بیٹھے ہوں گے اور آپ کی تسلی ہو جائے گی، آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

سینیٹر محمد طلحہ محمود: جناب والا! میں اگلے اجلاس میں ان شاءاللہ آپ کو اس پر مزید detail دوں گا۔ میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں۔ میں جس پارٹی کے ٹکٹ پر سینیٹ کا ممبر بنا ہوں، میری پہلی تقریر ہے، میں ان کا بھی شکر گزار ہوں۔ ان شاءاللہ کوشش ہو گی کہ اس ایوان کی بہتری کے لیے، اس کی مضبوطی کے لیے، اس کی طاقت کے لیے ہم اپنی توانائیوں کو استعمال کریں۔ وَآخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مولانا صاحب! Item No. 16 کے بارے میں یہ ہے کہ جب آپ لوگ باہر گئے تو چیئرمین صاحب نے اس کو defer کر دیا تھا کیونکہ آپ ایوان میں موجود نہیں تھے۔ سینیٹر مشعال اعظم صاحبہ۔ اس کے بعد کامران صاحب بات کریں گے۔ جی۔

Maiden Speech by Senator Mashal Azam

سینیٹر مشعال اعظم: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ میں اللہ کے کرم اور اپنے لیڈر عمران خان کی شکر گزار ہوں کہ جن کی وجہ سے آج میں اس ایوان کا حصہ ہوں۔ جناب

چیئرمین! امت مسلمہ کا لیڈر، اس ملک کا سابق وزیراعظم عمران خان جو پچھلے دو سالوں سے اس ملک سے وفاداری کی پاداش میں پابند سلاسل ہے۔ ان کی اہلیہ جو ایک غیر سیاسی کارکن ہیں، انہیں سیاسی مقدمات میں الجھا کر، سزائیں سنا کر اڈیالہ جیل میں قید میں رکھا ہے۔ جن کی پارٹی توڑی گئی، جن سے نشان چھینا گیا، جن کے workers and leaders آج بھی جیلوں میں ہیں۔ جن کا mandate چھینا گیا، ظلم و ستم اور فسطائیت کے تمام records توڑے گئے، اس کے باوجود آج بھی پاکستان تحریک انصاف پچیس کروڑ عوام کی نمائندگی کر رہی ہے۔ آٹھ فروری کو پچیس کروڑ عوام نے جو mandate دیا تھا وہ نہیں ملا۔ ہماری reserved seats نہیں دی گئیں اور آج خیبر پختونخوا کی ایک لڑکی اگر اس ایوان کا حصہ ہے تو وہ عمران خان کے نام، ان کی پہچان اور ان کے ووٹ کی وجہ سے ہے۔

ہم لاقانونیت اور بے آئینی کے آگ کے دریا پار کر کے اس ایوان میں پہنچے ہیں۔ ہم پاکستان کے وفادار ہیں۔ ہم یہاں پیدا ہوئے ہیں اور ہم نے یہیں پر ہی دفن ہونا ہے لیکن unfortunately آج اس ایوان میں انسداد دہشت گردی کی ایک ترمیم لائی گئی جو آناً فاناً منظور بھی کرائی گئی۔ پہلے یہ پوچھنا چاہیے کہ اس ایوان میں کتنے دہشت گرد بیٹھے ہوئے ہیں؟ میں خیبر پختونخوا کی ایک لڑکی، اس وقت مجھ پر درجنوں دہشت گردی کی ایف آئی آر درج ہیں۔ میں اس ایوان میں حلف لینے نہیں آ سکتی تھی۔ میں پہلے پشاور ہائی کورٹ گئی۔ میں نے وہاں سے اپنے لیے حفاظتی ضمانت لی اور اس کے بعد اس ایوان میں اپنا حلف لینے کے لیے آئی۔ یہاں ہمارے جتنے بھی colleagues ہیں جن کا تعلق پاکستان تحریک انصاف سے ہے، جنہیں ECP نے بدنیتی پر آزاد declare کیا ہے، کیا وہ سب دہشت گرد ہیں۔ کیا پچھلے دو سالوں سے جتنی بھی ترمیم لائی جا رہی ہے، جتنے بھی قانون سازی کی جا رہی ہے، وہ صرف پاکستان تحریک انصاف کے لیے کی جا رہی ہے اور وہ ہمارے لیڈر عمران خان کے لیے کی جا رہی ہے۔ آج منگل کا دن ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے منگل کا دن عمران خان، ان کی اہلیہ اور ان کی فیملی سے ملاقات کے لیے declare کیا ہے لیکن عمران خان صاحب کی ملاقات کسی سے بھی نہیں کرنی دی جا رہی ہے چاہے وہ ان کی فیملی ہو، چاہے وہ بشریٰ بی بی صاحبہ کی فیملی ہو یا وہ political لوگ ہوں۔ ملک میں آئین اور قانون کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہیں۔ Human rights violations ہو رہی ہیں اور ہم سب تماشا دیکھ رہے ہیں۔ ہم دیکھ

رہے ہیں کہ قانون سازی ہو رہی ہے۔ چیئرمین صاحب اندازہ لگائیں کہ اگر اس ایوان کے ممبران کا یہ حال ہے تو اس ملک کے 25 کروڑ عوام کی کیا حالت ہو گی۔ میرا تعلق جس صوبے سے ہے، آج وہ صوبہ بدامنی کا شکار ہے۔ وہاں پر drone attacks ہو رہے ہیں۔ وہاں پر لوگ سفید پرچم اٹھا کر امن کے نعرے لگا رہے ہیں اور آج وہ قدرتی آفات کا شکار ہے۔

جناب! تین دن پہلے بونیر، سوات، باجوڑ اور جس ضلع سے میرا تعلق ہے صوابی، وہاں پر cloud burst ہوئے لیکن وفاق نے اعلان کیا کہ ہم خیبر پختونخوا کے ساتھ ہیں۔ Photo shoot بھی ہوا لیکن ابھی تک این ڈی ایم اے نے صرف تین ٹرک بھجوائے ہیں۔ بے حسی کا اندازہ لگائیں کہ کہا جا رہا ہے کہ وہ ٹرک distribute نہیں ہوں گے جب تک ہمارے political نمائندگان نہیں آجاتے۔ یہ سیاست کا وقت نہیں ہے۔ کہنے کو بہت کچھ ہے۔ ہم پل صراط سے گزر کر یہاں پہنچے ہیں اور ہمارے مصائب اور مشکلات ابھی تک ختم نہیں ہوئے ہیں لیکن آج چونکہ میرا صوبہ درد اور تکلیف میں ہے تو میں اس پر بات کرنا چاہتی ہوں۔ تین دنوں سے ہمارے لوگ دفن ہیں۔ ہمیں سمجھ نہیں آرہا کہ وہ زندہ ہیں یا شہید ہو چکے ہیں۔ گھر برباد ہو چکے ہیں۔ زندگیاں ختم ہو چکی ہیں۔ کاروبار ختم ہو چکے ہیں۔ راستہ نہیں مل رہا کہ ہم اپنے لوگوں تک پہنچ سکیں اور ابھی بھی سیاست کی جارہی ہے۔ این ڈی ایم اے نے صرف تین ٹرک بھجوائے ہیں۔ اس میں 20 خیمے اور پانچ جنریٹر تھے۔ ایک ٹرک میڈیسن کا تھا۔ اس وقت پورے کے پورے گاؤں دفن ہو چکے ہیں اور ابھی بھی اگر سیاست کی جارہی تو یہ بڑی شرمناک بات ہے۔ یہ خیبر پختونخوا کے لوگوں کے ساتھ کھڑے ہونے کا وقت ہے چاہے آپ کا تعلق کسی بھی صوبے سے ہو یا آپ کا تعلق کسی بھی سیاسی پارٹی سے ہو۔ خیبر پختونخوا کے لوگ تکلیف اور مشکلات میں ہیں۔ ہمیں وفاق سے کچھ نہیں چاہیے لیکن اگر وفاق ہمارے صوبے کو اس کے واجبات دے دے تو ہم اس سے بھی اپنے لوگوں کی تکلیف کا کچھ نہ کچھ مداوا کر لیں گے۔ خیبر پختونخوا دہائیوں سے قیمت چکا رہا ہے۔ ہم نے صرف عمران خان کے دور میں ساڑھے تین سال امن سے گزارے ہیں۔ اس سے پہلے ہم نے نہ امن سے گزارے اور نہ آج امن سے گزار رہے ہیں۔ ہمارے لوگ تکلیف میں ہیں۔ وہاں drone attacks ہو رہے ہیں۔ وہاں دہشت گردی دوبارہ سر اٹھا رہی ہے اور دوبارہ operations کی باتیں ہو رہی ہیں۔ وہاں لوگوں کو نقل مکانی پر مجبور کیا جارہا ہے اور اوپر سے قدرتی آفات۔

جناب! زندگی اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ جو لوگ شہید ہو چکے ہیں، پیسوں سے ان کی کوئی compensation نہیں ہو سکتی ہے لیکن وہ لوگ جو زخمی ہیں، وہ لوگ جن کا کاروبار نہیں ہے، وہ لوگ جن کے گھر نہیں ہیں اور ان کا کوئی پوچھنے والا نہیں ہے، ہماری حکومت، خیبر پختونخوا کی حکومت، وزیر اعلیٰ صاحب اور ہمارے تمام Parliamentarians میدان میں موجود ہیں۔ خیبر پختونخوا اس ملک کا ایک صوبہ ہے اور strategically بہت important صوبہ ہے اور آپ اسے اس طرح neglect نہیں کر سکتے ہیں۔ آپ اسے اس وجہ سے neglect کر رہے ہیں کہ خیبر پختونخوا عمران خان کی وفاداری میں کھڑا ہوا ہے اور آپ نے انہیں چھوڑ دیا ہے کہ وہ پاکستانی نہیں ہیں۔ میں اس ایوان کے ممبران اور وفاق سے یہ request کرنا چاہتی ہوں کہ آپ اس وقت خیبر پختونخوا کے لوگوں کے ساتھ کھڑے ہوں۔ آپ وہاں پر national emergency declare کریں۔ آج بھی وہاں بارشیں ہو رہی ہیں اور ہر دوسرے دن cloud burst ہو رہے ہیں۔ ہمارے لوگ تکلیف میں ہیں اور ہمارے لوگوں کے دکھوں کا مداوا کریں۔ ہم پاکستانی ہیں، ہم اس ملک کے باشندے ہیں اور ملک کو جب بھی ضرورت پڑی تو ان شاءاللہ خیبر پختونخوا نے ہمیشہ frontline role play کیا ہے۔ ہمارے لوگوں کے دکھوں کا مداوا کریں۔ یہ وقت سیاست کا نہیں بلکہ یہ وقت ہمارے لوگوں کے ساتھ کھڑے ہونے کا ہے، بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: ویسے میں جہاں پر بیٹھا ہوں، میں نے آپ کو time دیا اور آپ first time بولی بھی مگر بات یہ ہے کہ پچھلے 12 سال سے وہاں آپ لوگوں کی حکومت ہے۔ صوبائی حکومت کی جو ذمہ داریاں ہیں، وہ صوبائی حکومت ہی پوری کرے۔ اس وقت بھی جب آپ بات کر رہی ہیں تو آپ کے 16 ممبران بھی ہاؤس میں موجود نہیں ہیں۔ پہلے تو وہ آپ کے ساتھ کھڑے ہو جائیں تاکہ کورم بھی پورا ہو جائے۔ میں نے ویسے کہا کہ سینیٹر صاحبہ first time بول رہی ہیں اور ایک سیاسی کارکن بھی ہیں مگر یہ ہے کہ۔۔۔ آپ کے جو ممبرز ہیں، وہ بھی آپ کے۔۔۔ بالکل خاص کر سیلاب اور امن وامان کے حوالے سے جب آپ اتنی اہم بات کر رہی ہیں تو آپ کے ممبران کم از کم آپ کے ساتھ ہوں۔ جی سینیٹر کامران مرتضیٰ۔

Point of Public Importance raised by Senator Kamran Murtaza regarding looming floods situation in the province of Balochistan

سینیٹر کامران مرتضیٰ: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب ! ایسا ہے کہ میرے ملک کے ایک حصے خیبر پختونخوا میں جب سیلاب آیا تو کہا گیا کہ یہ قدرتی آفت ہے اور یہ قدرتی آفت اچانک آ گئی۔ اللہ رحم کرے ملک کے اس حصے پر بھی اور جتنا ہم اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں، ہمیں وہ ضرور ادا کرنا چاہیے مگر اس سیلاب نے اب میرے، آپ کے، سینیٹر عبدالواسع اور سینیٹر دنیش کمار کے صوبے کی طرف رخ کر لیا ہے۔ مجھے یاد ہے کہ جب PDM کی حکومت تھی تو Prime Minister کے ساتھ میں بھی helicopter میں بی بی نانی پُل اور اس سے آگے پنجرہ پُل پر بھی گیا تھا۔ تین سال پہلے یہ بنا تھا اور اس وقت یہ اطلاعات ہیں کہ وہ پل تقریباً کافی حد تک damage ہو چکا ہے۔ چونکہ عام طور پر سیلاب شمالی علاقوں سے اس طرف رخ کرتا ہے اور درمیان میں پنجاب اور پھر بلوچستان ہے، اب جب ہماری طرف یہ سیلاب آ گیا ہے تو لوگوں کو، صوبائی حکومت، PDMA, NDMA اور وفاقی حکومت سب کو conscious ہو جانا چاہیے تھا کہ اب یہ سیلاب دوسرے صوبوں کی طرف بھی جا سکتا ہے۔ اب وہ خیبر پختونخوا سے نکل چکا ہے اور وہاں پر بھی حالات صحیح نہیں ہیں اور بہت سے مسائل ہیں بلکہ مسائل تو کم تر بات ہے، مصائب ہیں۔ اب یہ مسائل اور مصائب آپ کے اور میرے صوبے کا رخ کر رہے ہیں۔ اگر ہم پہلے سے تھوڑا سا conscious and alert ہو جائیں تو میرے خیال ہے میں اگر وہ قدرتی آفت اور قدرتی نقصان ہے بھی تو اس کا کسی طرح سے مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ جتنی آفت آ چکی ہے یا جتنا نقصان ہو چکا ہے، صوبے کے حوالے سے آپ کسی Minister or NDMA سے کہیں کہ وہ اس کا نوٹس لیں۔ اگر ہم نقصان کو ختم نہیں کر سکتے تو کم از کم تو کر سکتے ہیں۔ ان انسانی جانوں کو بچانے کی کوشش کر سکتے ہیں یا ان انسانی جانوں کو تکلیف سے بچانے کی کوشش کر سکتے ہیں جنہیں آپ کے اور میرے صوبے میں اس تکلیف کا سامنا ہے۔ میں اس طرف توجہ مبذول کروانا چاہ رہا تھا اور مجھے امید ہے کہ آپ کسی کو کہیں گے کہ اس حوالے سے نوٹس لیا جائے تاکہ کم از کم نقصان کا اگر مداوا نہیں کر سکتے تو اسے کم ضرور کیا جائے اور اس آفت کا مقابلہ کرنے کے لیے ادارے اپنی اپنی جگہ پر کھڑے ہوں۔ بہت شکریہ، جناب۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی سینیٹر دنیش کمار صاحب۔

Points of Public Importance raised by Senator Danesh Kumar regarding (i) alleged dismissal of a Christian servant by a Judge; (ii) non-arrest of killers of a Hindu man in Sajawal; and (iii) inordinate delay in release of an abducted Hindu girl, Priya Kumari

سینیٹر دنیش کمار: بہت شکریہ، چیئرمین! میں آپ سے چند گزارشات کروں گااور امید کرتا ہوں کہ آپ اس پر action بھی لیں گے۔ گزشتہ دن اخباروں میں آیا کہ لاہور میں ایک جج نے بادشاہ سلامت کاکام کرتے ہوئے ایک عیسائی ملازم کو اس لیے نوکری سے نکلوادیا کہ اس کرسچن ملازم نے ان کے برتن میں کھانا کھایا تھا۔ جناب! یہ ہمارے لیے بہت ہی شرمناک بات ہے کہ جج کو کس نے اتھارٹی دی کہ ایک کرسچن ملازم کو اس لیے نوکری سے نکالے کہ اس نے یہ گستاخی کی کہ اس کے برتن میں کھانا کھایا۔ ہم اب جدید دور میں رہ رہے ہیں، انصاف کی کرسی پر بیٹھ کر جج یہ کس طرح سے کر سکتا ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ یہ میرے لیےاور پورے ملک کے لیے شرمندگی کا باعث ہے۔ اس پر ہمیں ایوان بالا کی حیثیت سے نوٹس لینا چاہیے۔ اس جج کو یہاں پر کمیٹی میں پیش ہونا چاہیے کہ اس نے اس طرح کی کیوں حرکت کی ہے۔ میں چیف جسٹس آف پاکستان سے بھی گزارش کروں گا کہ ان کے خلاف جوڈیشل کمیشن میں انکوائری کرائی جائے۔ جناب! اگر کبھی نوکری کا اشتہار آتا ہے تو اس میں جب صفائی کے عملے کی post ہوتی ہے، sweeper کی post ہوتی ہے یا اگر میں بد تمیزانہ لفظ میں کہوں کہ بھنگی کی آسامی ہوتی ہے تو وہاں لکھا جاتا ہے کہ یہ صرف غیر مسلموں کے لیے ہے۔ کیایہ غیر مسلموں کا ٹھیکہ ہے؟ یہاں پر مولوی حضرات بیٹھے ہوئے ہیں، 'صفائی نصف ایمان' کس مذہب کا حصہ ہے؟

جناب ڈپٹی چیئرمین: پاکستان کے جھنڈے میں جو سفید رنگ ہے، وہ اقلیتوں کا ہے۔

سینیٹر دنیش کمار: یہی میں کہہ رہا ہوں کہ صفائی نصف ایمان، اسلام کا حصہ ہے، جب ہماری دوسری پوسٹوں میں پانچ فیصد کوٹا ہے تو sweeper کے لیے پانچ فیصد کوٹا مختص کیا جائے۔ 95% ہماری اکثریتی برادری کو یہ دینا چاہیے۔ ہمارے ہاں کیا ہوتا ہے، کامران مرتضٰی صاحب بھی

بیٹھے ہوئے ہیں۔ ہمارے میر معتبروں نے پیسے لینے کے لیےsweeper کی نوکری تو لی ہوئی ہے مگر وہ کام نہیں کرتے۔ وہی بے چارے کرسچن کمیونٹی یا ہمارے ہندوؤں سے کام لیا جاتا ہےاور ان کو آدھی تنخواہ دی جاتی ہے۔ یہ بھی انسانی حقوق کے لیے ایک بہت بڑا سوالیہ نشان ہے کہ آپ تنخواہیں کیوں لیتے ہیں جب آپ نے کام دوسروں سے کروانا ہے؟ اس پر بھی ہمیں ایکشن لینا چاہیے۔ ہمارا یہ حق نہیں ہے، ہمارے اقلیت برادری کا حق نہیں ہے کہ وہ صرف سوپیر کی پوسٹوں کے لیے درخواست دیں اور الاعلان اخباروں میں لکھا جاتا ہے کہ سوپیر کی پوسٹ کے لیے غیر مسلم ہو۔ مولوی صاحب! یہاں کوئی ہے، یہ کوئی اصول ہے، مجھے بتائیں۔ میرے مولانا صاحب استاد محترم ہیں۔ کیا اسلام میں لکھا ہوا ہے کہ صرف غیر مسلم سوپیر کی پوسٹ پر کام کریں گے، مسلم صفائی کا کام نہیں کریں گے؟ مجھے بتائیں کہ کس اصول کے تحت کہیں لکھا ہوا ہے۔ جناب! میں سمجھتا ہوں کہ آپ اس پرaction لیں اور جو ادارے اخبارات میں ایسے اشتہارات دیتے ہیں، ان کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے۔

جناب! میں آپ کے علم میں دو چیزیں لانا چاہتا ہوں اور آپ سے امید کرتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ آپ اسے قائمہ کمیٹی برائے داخلہ کو بھیجیں۔ سجاول میں مئی 2022 میں ایک نریش عرف پپو کی لاش ملتی ہے جو پھندے لگی ہوئی لاش ہےاور کہا جاتا ہے کہ خودکشی کی ہے مگر جب پولیس کی تحقیقات ہوتی ہیں تو پتا چلتاہے کہ ظالم سماج دار جہاں پر وہ نوکری کر رہا تھا اور حفاظت کر رہا تھا، ان ہی سیٹھوں نے اس کو پھانسی پر چڑھایا۔اس کیس میں ملزمان نامزد ہیں۔ تین سال سے وہ پکڑے نہیں گئے، وہ وہاں پر گھوم رہے ہیں۔

جناب! چھ سال کی ایک معصوم لڑکی پریا کماری سکھر سے اغوا ہوتی ہے اور اب اس کی عمر 12 سال ہونی ہے مگر ابھی تک برآمد نہیں ہوئی۔ یہ بھی پتا ہے کہ اس میں کوئی نامعلوم شخص نہیں بلکہ سندھ کے سکھر کی ایک بہت بڑی سیاسی شخصیت ملوث ہے مگر کوئی اس پر ہاتھ ڈالنے کے لیے تیار نہیں ہے۔آج بھی اس کی ماں اور باپ کا مجھے میسج آیا ہے۔ وہ کہہ رہے ہیں کہ آپ جو اقلیتی ممبران ہیں، ان کا ضمیر مردہ ہو چکا ہے۔ وہ ہمیں کہتے ہیں کہ اگر میری بیٹی اغوا ہوئی ہے تو اس میں ہم اقلیتی سینیٹروں اور ایم این اے کا بھی کردار ہے کیونکہ ہم اس پر نہیں بولتے ہیں اور اس سیاسی شخصیت سے ڈرتے ہیں جو اس چیز میں ملوث ہے۔ وہ سیاسی شخصیت ابھی تکmeter reader تھا۔ اس کو چاہیے کہ وہ اپنیposition clear کرے مگر آج تک نہیں کیا۔ جناب! میں یہ معاملہ پہلے بھی

ہماری Standing Committee on Interior میں لے کر گیا ہوں اور سندھ پولیس نے ہمیں یقین دہانی کرائی تھی کہ ہم اس کیس کو جلد از جلد حل کر کے آپ کو بتائیں گے مگر آج تک وہ جلد از جلد نہیں ہوا۔ وہاں کے وزیر داخلہ لنجار صاحب برادری کے پاس آئے تھے کہ میں ایک ہفتے میں لڑکی کو برآمد کروں گا کیونکہ ہمیں پتا ہے کہ لڑکی کہاں ہے۔ یہ ان کے الفاظ تھے مگر آج تک وہ برآمد نہیں ہوئی۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہمارے لیے بدنامی کا باعث ہے اور ہمارے ملک کے لیے بدنامی کا باعث ہے۔ اب میں آپ سے امید کرتا ہوں کہ ان دو مسائل کو آپ Standing Committee on Interior کے حوالے کریں اور باقاعدگی سے وہاں سے حکم آئے کہ یہ کس وجہ سے ابھی تک تاخیر کا شکار ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ تو آپ نے Point of Public Importance پر بات کی ہے۔ اس حوالے سے آپ کوئی اور motion لے کر آئیں تاکہ ایوان میں اس پر مزید بات ہو سکے۔

سینیٹر دنیش کمار: لیکن جناب point of public importance کو بھی آپ کمیٹی کے حوالے کر سکتے ہیں۔

(مداخلت)

سینیٹر دنیش کمار: جناب یہ کمیٹی کو refer ہو سکتا ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر دنیش کمار صاحب آپ short cut کام نہ کیا کریں۔ ہم ایسا کبھی دباؤ، کبھی پیار اور کبھی مسکراہٹ سے تو نہیں کر سکتے ہیں۔

سینیٹر دنیش کمار: جناب! آپ میری گزارش تو سنیں۔ یہ point of public importance پر پہلے بھی کمیٹی کو refer ہوا ہے۔ اس لیے میں کہہ رہا ہوں۔ آپ پوچھ لیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ٹھیک ہے۔ آفس اسے دیکھ لے۔ سیلاب کے حوالے سے سینیٹر کامران مرتضٰی صاحب، سینیٹر مشال خان اور باقی جو لوگوں نے بات کی ہے، یقیناً وہ ایک انسانی المیہ ہے اور چاہے کسی بھی صوبے میں ہو بلکہ پورے پاکستان میں ہے، چاروں صوبوں میں ہے اور بعض

صوبوں میں اس پر بہت زیادہ کام ہو رہا ہے اور بعض میں کوئی کمی بیشی ہے۔ اس پر تو پہلے بھی بڑی مفصل بات ہوئی ہے مگر میری آفس کو ہدایت ہے کہ سیلاب اور دنیش کمار صاحب کے مسائل کے حوالے سے ایوان میں مفصل رپورٹ پیش کی جائے۔ یہ House of the Federation ہے اور سب کی بات بھی سننی ہے۔ مولانا عبدالواسع صاحب کو اگر پہلے بولنے کا موقع دیا جائے کیونکہ وہ کسی ضروری کام سے جا رہے ہیں۔ فوزیہ ارشد صاحبہ اور ندیم بھٹو صاحب آپ کو ان کے بعد موقع دے دیں گے۔ آپ کو مولوی صاحب کے غصے کا پتا نہیں ہے۔ آپ انہیں ویسے ہی ٹھنڈا لے رہے ہیں۔ ایک تو وہ میرے علاقہ سے ہیں، میرے گھر سے ہیں اور دوست بھی ہیں۔ جی مولانا عبدالواسع صاحب۔

سینیٹر عبدالواسع: چیئرمین صاحب آپ کا بہت، بہت شکریہ۔ گزارش یہ ہے کہ میں جس point of public importance پر بات کرنا چاہ رہا ہوں، اس سے پہلے سینیٹر دنیش صاحب نے پوسٹوں کے حوالے سے بات کی کہ کچھ پوسٹیں خالص غیر مسلم کے لیے ہوتی ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ اللہ کا شکر ادا کریں۔ اگر یہ غیر مسلم کی شرط ختم کر دی تو ہمارے سردار، نواب اور خان یہ سب آپ سے لے جائیں گے اور ابھی بھی لے جا چکے ہیں تو میرے خیال میں ایسا نہ ہو کہ لینے کے بجائے، دینے پڑ جائیں۔ جناب گزارش یہ ہے کہ ہمارا جو توجہ دلاؤ نوٹس تھا، اس پر۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میں نے آپ کو بتایا کہ اس وقت آپ لوگ شاید ایوان میں نہیں تھے لہٰذا چیئرمین صاحب نے اسے مؤخر کیا۔ اگر اس وقت آپ موجود ہوتے تو اس پر بات کرتے۔ جب آپ موقع پر موجود نہیں ہوتے تو وہ کارروائی قانوناً مؤخر ہو جاتی ہے۔

سینیٹر عبدالواسع: جی ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دیکھیں سینیٹر کامران مرتضیٰ صاحب بھی آپ کے غضب کی وجہ سے گواہی نہیں دے رہے ہیں۔ آپ ان کے امیر ہیں۔ وہ قانونی فتویٰ بھی نہیں دے رہے ہیں۔

Point of Public Importance raised by Senator Abdul Wasay regarding the issues/problems faced by the Ex-FATA region and Balochistan

سینیٹر عبدالواسع: بہر حال بلوچستان، فاٹا یا دیگر پسماندہ علاقوں کی جو صورت حال ہے، وہ ایک جیسی ہے۔ تو جس طرح فاٹا والوں کے ساتھ دس سال کے اندر سو ارب روپے دینے کا وعدہ کیا گیا تھا لیکن پورے چار سال گزرنے کے بعد ابھی تک ان کو دس ارب روپے نہیں دیئے، لیکن دس سال کے اندر انہوں نے سو ارب روپے دینے تھے۔ جب حکومت نے ان کا قبائلی نظام، جرگہ نظام جو سالہا سال سے ہزاروں سالوں سے چل رہا تھا ختم کر دیا اور نئے نظام میں لانے کے لیے NFC 3% کے حوالے سے جو حصہ رکھا گیا تھا وہ بھی حکومت نے نہیں دیا۔ لیکن بد قسمتی کی بات یہ ہے کہ اب دوبارہ اس پر meetings شروع ہو چکی ہیں، پتا نہیں اب ان کے status کا کیا کریں گے، وہ پرانے جرگہ نظام کی طرف جائیں گے یا کوئی ایک نیا نظام دے دیں گے۔ پھر اس نئے نظام سے پتا نہیں کیا بیڑا غرق ہوتا ہے۔ تو اس حوالے سے میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے پاکستان کے اندر جتنی بھی پسماندہ صوبوں کے اندر، پسماندہ علاقوں کے اندر جب قانون سازی ہوتی ہے تو معروضی بنیادوں پر ہوتا ہے، طالع آزمائی کی بنیاد پر ہوتا ہے، آزمایا جاتا ہے کہ یہ نسخہ ٹھیک ہے اس پر ہو جاتا ہے، پھر اس پر آزما کر پھر دوسری طرف پر وہ کرتے ہیں۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کا اور خاص کر فاٹا اس طرح کے علاقوں میں یہ نہیں آزمانا چاہیے بلکہ جو نظام وہاں چل رہا ہے اس کو مستحکم کیا جائے۔

ہمارے ساتھ CPEC کی جو بات ہوتی ہے، تو CPEC کے حوالے سے پورے پاکستان کی قیادت تمام all parties بیٹھ کر اور میاں نواز شریف صاحب کی قیادت میں انہوں نے کہا کہ مغربی روٹ سب سے پہلے CPEC کے حوالے سے بنے گا لیکن مجھے اور آپ کو پتا ہے مغربی روڈ پر ابھی تک ایک روپے بھی China–Pakistan Economic Corridor سے ابھی تک ایک پائی بھی خرچ نہیں ہوئی ہے اور وہاں اس پر جو کام ہو رہا ہے ابھی میں اور آپ دیکھ رہے ہیں کہ وہاں کوئی ایک پرانا tractor trolley ہو، ایک roller ہو اور ایک tractor ہو وہ کتنے اربوں کے منصوبے ہیں چالیس پچاس ارب کے منصوبے ہیں لیکن اس مرتبہ بھی بجٹ میں ان کے لیے تین ارب رکھا گیا ہے۔

اسی طرح NFC کے حوالے سے جو ہمارا ایک آئینی حق ہے کہ پندرہ سال کے اندر ہر پانچ سال کے بعد NFC ہونا چاہیے۔ لیکن اب پندرہ سال گزر گئے ابھی تک NFC نہیں ہوا ہے، اس وجہ سے نہیں ہوتا کہ اس میں خالص بلوچستان کے formula کے مطابق بلوچستان کا حصہ بن جاتا ہے لیکن دوسرے صوبوں کا حصہ کٹ جاتا ہے۔ کیونکہ جب ہم نے NFC کیے تو اس وقت NFC میں ہم ایک سو ارب سے سات سو ارب تک پہنچ گئے، تو اس وجہ سے ہمارا حصہ بڑھ گیا۔ بلوچستان ہی کی وجہ سے اب پندرہ سولہ سال ہو چکے ہیں NFC نہیں کرتے۔

کافی عرصے سے میری یہی خواہش تھی اور آج اس پر چیئرمین صاحب نے ہمیں موقع نہیں دیا لیکن ویسے میں over all اس پر بات کرنا چاہتا ہوں، تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایک دن اس کے لیے مقرر کیا جائے اور باقاعدہ بلوچستان کی جو مشکلات ہیں ان سب پر ہم غور کرنے کے لیے، وہاں زمینوں کی allotment کا جو مسئلہ ہے، وہاں دوسرے معدنیات کے جو مسائل ہیں ان سب پر اگر سینیٹ میں ایک دن مقرر کر دیں تاکہ ہم سینیٹ میں اس پر کیس پیش کر سکیں، شکریہ جی۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ آپ کی Public Importance کے حوالے سے یا Motion کے حوالے سے، توجہ دلاؤ نوٹس کے حوالے سے بڑی اہم بات ہے۔ مگر آپ کو پتا ہے کہ کامران صاحب بیٹھے ہیں اور یہ کتنے technical issues ہیں اور Minister Finance بھی اسی جواب کے لیے آئے تھے ، آپ اگلے اجلاس کے لیے اس حوالے سے Motion لائیں۔ ضرور اس پر بات بھی ہونی چاہیے اور سارے مسائل صرف بلوچستان نہیں سارے پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ، کشمیر یا جہاں جہاں پر good governance کے حوالے سے issues ہیں، اس پر بات ہونی چاہیے، جی فوزیہ ارشد صاحبہ۔

Points of Public Importance raised by Senator Fawzia Arshad regarding extension of online registration date for CSS Exam; and the impact of deforestation on climate change with particular reference to the recent floods

سینیٹر فوزیہ ارشد: بہت شکریہ، میں دو issues پر بات کرنا چاہتی ہوں۔ ایک تو یہ ہے کہ ایک Resolution جو کہ pass ہوئی ہے 16th May 2025 National

جو age limit اس میں it is related to the CSS exam. سے Assembly
تھی وہ 32 to 35 years and three to five attempts کے لیے یہ pass
ہو چکی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ کس حوالے سے ہے۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: یہ CSS exam Central Superior Services Examination,

جناب ڈپٹی چیئرمین: یہ مجھے بھی ملے تھے۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: اس میں گزارش یہ ہے کہ

online admission has started from 11th August and 25th August is its last date.

جناب ڈپٹی چیئرمین: دنیش کمار صاحب فوزیہ ارشد صاحبہ ناراض ہو رہی ہیں کہ دنیش صاحب جب تک بات نہیں سنیں گے میں بات نہیں کروں گی۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: یہ میرا universal بیٹا ہے۔ 11th August online admission has started and its last date is 25th August
اور 16th May کو یہ Resolution pass ہوئی تھی from National
Assembly, وقت نہیں ہے۔ جناب! اس میں گزارش ہے کہ Chairman FPSC
and Secretary Establishment Division اگر اس کو یہ جو Resolution
ہے، اس کا Cabinet notification is required تاکہ جب تک یہ Cabinet
notification نہیں ہو گا تو وہ بچے یا youth ہیں اس فیصلے کے انتظار میں ہیں کہ اس کو
implement کیا جائے، کیونکہ وہ online اپنی applications enter نہیں کر پا
رہے ہیں۔ تو اس کے لیے میں اس وقت تک بیٹھی ہوں اور آپ سے بات کرنا چاہ رہی ہوں کیونکہ
اس کا جو screening process ہے وہ November میں ہوگا اور اس کے exams
February میں ہونگے۔ جناب! آپ اس کو ضرور priority پر لے لیں، آپ کے پاس بھی

آیا ہے۔ اس میں یہ ہے کہ اس کا online extend ہو جائے اور اس resolution کی notification جو ہے وہ آ جائے جس کے تحت یہ ہو سکتا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہم سب، پورا ملک اس وقت سوگ میں ہیں، افسردہ ہیں اور پریشان ہیں۔ جو ایک سانحہ ہمارے KP میں ہوا ہے جو disaster ہوا ہے جان و مال کا تو اس کے سلسلے میں سب نے بہت بڑی بڑی باتیں کی ہیں اور غصہ بھی کیا ہے، رنج بھی کیا ہے اور اپنی آراء بھی دیں ہیں اور لوگوں کو قصوروار بھی ٹھہرایا ہے، NDMA سے بھی معلوم کیا گیا ہے، PDMA سے بھی بات کی گئی ہے۔ ساری بات یہ ہے کہ میں نے جو پڑھا اور دیکھا تو اس میں، میں یہ سمجھتی ہوں کہ جو cloud outburst تھا it was not a sudden thing because from decades scientists were warning کہ یہ ہونے والا ہے۔ مگر افسوس یہ ہے کہ ہم science کو seriously نہیں لیتے ہیں اور نہ ہی ہم اس کو connect کرتے ہیں اور نہ ہی ہم نے کوئی policy یا کوئی development programmes بنائے ہیں to combat climate change. تو یہ جو cloud burst اور یہ شدید گرمی اور heat waves جو ہیں ان کو ہم نے address کرنا ہے۔ یہ ابھی کے لیے نہیں ہے یہ اور time کے لیے بھی مستقل ہونے والے ہیں۔ ہمیں ایک on ground homework کرنا چاہیے اور وہ سب سے زیادہ جو ہمارے لیے challenges ہیں وہ کیا ہیں ہم نے جو videos وغیرہ دیکھی ہیں کہ پانی کا ریلا آیا ہے اور اس ریلے میں کتنے بڑے بڑے لکڑی کے boulders اور پتھر ساری چیزیں جو آئیں ہیں وہ کیوں آئیں ہیں۔ وہ اس لیے آئیں ہیں کہ اب ہمارے پاس کوئی جنگلات ہی نہیں ہیں۔ ہم نے اپنے پہاڑوں کو درختوں کے بغیر کر کے چھوڑ دیا ہے۔ Timber mafia نے درختوں کو کاٹ کر پہاڑوں سے درختوں کو ختم کر دیا ہے۔ درخت کا ہونا کیوں لازمی ہے، درخت کی جڑیں جو ہیں وہ پانی کو hold کرتی ہیں، جو پتھر پہاڑوں سے آتے ہیں اس کو روکتی ہیں۔ مگر ہم اس پر توجہ نہیں دے رہے، تو میری یہ خواہش ہے، میری یہ خواہش کیا ایک ضرورت ہے کہ جو Forest department ہے اس کو active ہونا ہے۔

Forest department کا جو Act ہے، ہم نے اُس کو revise and restructure کرنا ہے۔ ہم جب تک یہ نہیں دیکھیں گے کہ ہمارے درخت محفوظ نہیں ہیں، یہ جو ہم کہہ دیتے ہیں کہ یہ خدا کی طرف سے آفت آئی ہے تو یہ ایسا نہیں ہے۔ This is man made کہ جیسے کہتے ہیں کہ جیسا کروگے، ویسا ہی بھروگے۔ تو یہ ویسے ہی حالات ہیں۔ ہم نے دیکھا کہ دریاؤں کو کاٹ کر، اُن کو بند کرکے اُن پر constructions کر دی ہیں ۔ اُن دریاؤں کے کناروں پر آبادیاں بن چکی ہیں۔ Housing schemes چل رہی ہیں۔ پانی اپنا قدرتی راستہ ڈھونڈتا ہے اور جب آپ اُس کا راستہ بند کریں گے تو اُسے کوئی روک نہیں سکتا اور جب وہ جلال میں آتا ہے تو ہمیں یہی مناظر نظر آتے ہیں۔

میری گزارش ہے کہ دریاؤں کے کناروں پر جتنی بھی settlements بن چکی ہیں، اُن کو وہاں سے اُٹھا کر ایک safe جگہ پر آباد کیا جائے۔ جس علاقے کی یہ community river banks پر آباد ہے تو اُس پر متعلقہ community کو engage کیا جائے تاکہ وہ وہاں پر retention walls بنائیں اور دریاؤں پر ایسے بند بنائیں جس سے پانی کو روکا جائے اور لوگوں کی زندگیاں محفوظ۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرا خیال ہے آپ نے پورے سال کے مسائل آج ہی بیان کرنے ہیں۔ آپ اس موقع کا فائدہ اٹھا رہی ہیں۔ ہماری بھی ماشاءاللہ۔۔۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: جناب! مجھے time ہی آج ملا ہے تو میں کیا کر سکتی ہوں۔ جناب میں یہی کہہ رہی ہوں کہ جو ہمارے پہاڑوں کی slopes ہیں، اُن کو اگر ہم درخت لگا کر مضبوط کر دیں تو بڑے بڑے پتھر اور لکڑیاں رک جائیں گی۔ میں یہ دو تین solutions دینا چاہ رہی تھی۔ سب نے تباہی کا ذکر کیا ہے، سب نے پیسوں کی بات کی ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کو پتا ہے کہ آپ کے education کے متعلق جو issues ہیں، وہ لازمی طور پر وزیر تعلیم خالد مقبول صدیقی صاحب کے حوالے سے ہے لیکن وہ ابھی موجود نہیں ہیں۔ آپ نے بچوں کی age کے حوالے سے بہت important بات کی ہے۔ دوسری آپ جو

بھی باتیں کر رہی ہیں وہ ساری صوبائی حکومتوں کے underآتی ہیں۔ یہ اُن کے mandate کی بات ہے۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: یہاں سب صوبائی مسائل کی بھی بات کر رہے ہیں لیکن میں یہاں national level کی بات کر رہی ہوں کہ ملک کو یہ کرنا ہے۔ چاہے وہ صوبہ ہو یا چاہے وفاق ہو، یہ کرنا تو ہے نا۔ جناب! کہیں سے تو شروع کرنا ہوگا۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ہونا چاہیے۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: یہ میری رائے ہے اور میں یہ چاہتی ہوں کہ ہمیں development and adaptation کی جو بھی planning کرنی ہو گی وہ ہمیں اپنے district level سے کرنی ہو گی اور keeping in mind ہمیں یہ دیکھنا چاہیے کہ کس تحصیل اور کس ڈسٹرکٹ میں کون سا ایسا درخت ہے جو جلد از جلد اُگتا ہے اور جو local درخت ہیں، ہمیں وہ لگانے چاہیں۔ ہمیں اپنے forest department کو active کرنا ہے اور اُس کے قانون میں ہماری شقیں اتنی پائیدار ہونی چاہیں کہ اُن کی کوئی خلاف ورزی نہ کر سکے۔ جناب! جو Timber mafia ہے، ہمیں اُس کو ضرور address کرنا ہے۔ ہم اُن کی وجہ سے آفات اور مصیبتوں میں پڑ رہے ہیں اور اُن کو ہمیں روکنا ہوگا۔ یہی میری تھوڑی سی گزارشات تھیں جو میں نے سوچا کہ کہہ دوں کیونکہ پتا چلا ہے کہ آج اجلاس ختم ہو جائے گا۔ تو پلیز، آپ میری ان تجاویز کو متعلقہ کمیٹی میں ضرور بھیجیں اور وہاں انہیں کہیں کہ باقی باتوں کو چھوڑیں اور پہلے ملک کو دیکھیں۔ ہمارا ملک ہے تو ہم ہیں۔ بہت شکریہ۔ پاکستان زندہ باد۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی شکریہ۔ Education کے حوالے سے اگر آپ next session میں کوئی Motion یا کچھ اور لانا چاہتی ہیں تو۔۔۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: پچیس اگست کو اِن کی online enrolment ہو رہی ہے۔ تو اُس کو کیسے۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میری آفس کو ہدایت ہے کہ اس کی report بھی منگوائیں اور اس میں کسی بھی حوالے سے جو بھی help ہو سکتی ہے، وہ آپ کر لیں۔ یہ بچوں کے مستقبل اور education کا معاملہ ہے۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: جی بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: دوسرا یہ کہ موسمیات کے حوالے سے آپ نے بڑی اچھی باتیں کی ہیں۔ اُس میں خوراک پر، انسانی صحت پر، آب و ہوا کے حوالے سے اور ہر حوالے سے آپ کی تجاویز واقعی قابلِ غور ہیں۔

سینیٹر فوزیہ ارشد: بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی، آپ کا شکریہ۔ اب میں صدرِ پاکستان سے موصول شدہ اعلانِ برخاستگی پڑھ کر سناتا ہوں۔

'دستورِ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آرٹیکل 54 کی شق (1) کے تحت حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے، میں بروز منگل 19 اگست 2025ء کو کارروائی کے اختتام پر سینیٹ کا اجلاس غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کرتا ہوں۔ شکریہ'

دستخط/---

(آصف علی زرداری)

صدرِ پاکستان

[The House was then prorogued sine die]